مکتوباتِ غوثیہ

کاوش

عبدالحمید قادری

Marfat.com

بغوثیت بود غوثِ عظیم ظاہر و باطن   بہ قطبیت چوں او قطبے نہ در اقطاب ربانی

مکتوباتِ غوثیہ

اردو ترجمہ

۱۷ مکتوبات مبارکہ

جنابِ غوثِ صمدانی محبوبِ ربانی

الشیخ السیدی عبدالقادر الجیلانی قدس اللہ سرہ العالی

کاوش : عبدالحمید قادری

Marfat.com

مَکتُوبَات غَوثِیَّہ

اُردو ترجمہ

مکتوبات مبارکہ جناب غوث صمدانی محبوب ربانی الشیخ عبدالقادر الجیلانی قدس اللہ سرہ العالی

مترجم : عبدالحمید قادری

پبلشرز : القلم پبلشرز مین بلیوارڈ ڈیفنس روڈ لاہور

پریس : ایم ایم اے پرنٹرز، 14 ایبٹ روڈ، لاہور۔ 0300-4327563

اشاعت : ذوالحجۃ ۱۴۳۰ ھجری - ۲۰۱۰ء

ڈسٹری بیوٹرز

لاہور

محمد عثمان رضوی (دارالعلم، دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ، لاہور)

فون: 042-37110341 موبائل 0331-4046174

ادارہ پاکستان شناسی' 2/24 سوڈیوال کالونی' ملتان روڈ لاہور 54500

موبائل 0322-4005952

ملتان

بیکن بکس' گل گشت' ملتان۔ فون: 6520791-6520790(061)

کراچی

قرطاس' آفس نمبر 2' پہلی منزل' عثمان پلازا' بلاک 13۔ بی گلشن اقبال' کراچی 75300

فون: 34822480(021) موبائل: 0321-3899909

دارالعلوم نعیمیہ' دست گیر بلاک نمبر 15' فیڈرل بی ایریا' کراچی 75950

Marfat.com

Marfat.com

فہرست

نمبر شمار	مضامین		صفحہ
(۱)	حمدیہ و نعتیہ فارسی اشعار (الشیخ عبدالقادر الجیلانی قدس اللہ سرہ العالی)		۹
(۲)	درود شریف	(الشیخ عبدالقادر الجیلانی قدس اللہ سرہ العالی)	۱۱
(۳)	درود شریف	(الشیخ عبدالقادر الجیلانی قدس اللہ سرہ العالی)	۱۲
(۴)	حرف ابتداء		۱۳
(۵)	پہلا مکتوب	جذبہ حق اور عشق صادق	۲۹
(۶)	دوسرا مکتوب	جہاد بالنفس اور اہمیت ریاضت	۳۳
(۷)	تیسرا مکتوب	بیم و رجاء	۳۷
(۸)	چوتھا مکتوب	غفلت پر تنبیہ، وعید اور ترغیب توبہ	۴۳
(۹)	پانچواں مکتوب	رموز وصل و معیت	۴۷
(۱۰)	چھٹا مکتوب	نفس امارہ پر غلبہ کی ضرورت	۵۱
(۱۱)	ساتواں مکتوب	زہد کی اہمیت	۵۵
(۱۲)	آٹھواں مکتوب	انس و محبت	۵۹
(۱۳)	نواں مکتوب	حرص و ہوا سے اجتناب اور صحبت صالحین	۶۳
(۱۴)	دسواں مکتوب	عجز و انکساری	۶۷
(۱۵)	گیارہواں مکتوب	توحید خالص	۶۹
(۱۶)	بارہواں مکتوب	دنیاوی زینت و زیبائش کے دام فریب سے اجتناب	۷۳
(۱۷)	تیرہواں مکتوب	اسرار و رموز آیت نور	۷۷
(۱۸)	چودھواں مکتوب	اکتمال نعمت اور اس کے ثمرات	۸۱
(۱۹)	پندرہواں مکتوب	قلب سلیم	۸۵

Marfat.com

صفحہ	مضامین	نمبر شمار
۸۷	سولھواں مکتوب ذکر الٰہی اور توبہ کی پابندی	(۲۰)
۹۲	سترہواں مکتوب دعوت فکر و نظر	(۲۱)
۹۴	عربی ترجمہ سلیمان رافت پاشاؒ (ٹائپ شدہ)	(۲۲)
۱۱۳	اصل فارسی مخطوطے کا عکس	(۲۳)
۱۲۹	سلیمان رآفت پاشا کے ترجمہ کردہ مکتوبات کے مخطوطے کا عکس	(۲۴)
۱۶۳	محدثِ ہند علی ابن حسام الدین متقیؒ کے اردو ترجمہ کردہ مکتوبات کے مخطوطے کا عکس	(۲۵)
۱۷۱	درود شریف (الشیخ السیدی عبدالقادر الجیلانی قدس اللہ سرہ العالی)	(۲۶)
۱۷۲	ترجمہ درود شریف	(۲۷)

Marfat.com

حمدیہ و نعتیہ اشعار

تا ابد یا رب ز تو من لطفہا دارم امید
از تو گر امید نبرم از کجا دارم امید

ہم فقیرم ہم غریبم بیکس بیمار ناتواں
یک قدح زاں شربت دارالشفاء دارم امید

نا امیدم از خود و از جملہ خلق جہاں
از ہمہ نومید گشتم از توئی دارم امید

منتہائے کار تو دانم کہ آمر زیدن است
زانکہ من از رحمت بے منتہا دارم امید

ہر کسے امید دارد از خدا و جز خدا
لیک عمرے شد کہ من از تو ترا دارم امید

روشنی چشم من از گریہ کم شد اے حبیب
ایں زماں از خاک کویت توتیا دارم امید

محی می گوید کہ خون من حبیب من بریخت
بعد ازیں کشتن ز تو من اصفہا دارم امید

شیخ السیدی عبدالقادر الجیلانیؒ

Marfat.com

صلاۃ سیدی و مرشدی شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ
کے ایک قلمی نسخے کا عکس

ان هذه الصلاة لسيدي عبد القادر الجيلاني

وهو الثابت في النسخة السهلية

وهي هذه الصلاة

اللهم صل على سيدنا محمد السابق للخلق نوره ورحمة للعالمين

ظهوره عدد من مضى من خلقك ومن بقي ومن سعد

منهم ومن شقي صلاة تستغرق العد وتحيط بالحد

صلاة لا غاية لها ولا منتهى ولا انقضاء صلاة دائمة بدوامك

وعلى آله وصحبه وسلم تسليما مثل ذلك تمت

وهذه الصلاة ابتهاله

على جده صلى الله

عليه وسلم

Marfat.com

هذه صلاة القطب الرباني سيدي عبد القادر
الجيلاني روي عن الشيخ شمس الدين العيدروس
رحمه الله ورضي عنه ان من قرا بعد صلاة الصبح
الصمدية والمعوذتين كل واحدة ثلاثا وصلي
علي النبي صلي الله عليه وسلم بعد ذلك بهذه
الصلاة مرة واحدة راي النبي صلي الله عليه
وسلم في النوم وهي هذه بسم الله الرحمن الرحيم
اللهم اجعل افضل صلواتك ابدا وانمي بركاتك
سرمدا وازكي تحياتك فضلا وعددا واسني
سلامك مجدا علي اشرف الخلائق الانسانية
ومجمع الحقائق الايمانية وصور التجليات الاحسانية

ومهبط الاسرار الرحمانية وعروس المملكة القدسية
وامام الحضرة الربانية وواسطة عقد النبيين
ومقدم جيش المرسلين وقائد ركب الانبياء
المكرمين وافضل الخلائق اجمعين حامل لواء
العز الاعلا ومالك ازمة المجد الاسني شاهد
اسرار الازل ومشاهد انوار السوابق الاول
وترجمان لسان القدم ومنبع العلم والحلم والحكمة
والحكم مظهر سر الجود الجزي والكلي وانسان عين
الوجود العلوي والسفلي روح جسد الكونين
وعين حياة الدارين المتخلق باعلا رتب
العبودية المتحقق باسرار المقامات الاصطفائية
الخليل الاعظم والحبيب الاكرم نبيك العظيم و
رسولك الكريم الهادي الصراط المستقيم سيدنا
ونبينا وحبيبنا وشفيعنا محمد بن عبد الله
ابن عبد المطلب بن هاشم سيد سادات الاعراب
والاعاجم صلي الله عليه وعلي اله وصحبه وعترته
وشيعته وحزبه عدد خلقك ورضي نفسك
وزنة عرشك ومداد كلماتك ومنتهي رضاك
ومبلغ رضاك كلما ذكرك الذاكرون وغفل عن ذكره
الغافلون وسلام علي المرسلين والحمد لله رب العالمين

Marfat.com

حرفِ ابتداء



مرشد جادۂ طریقت، جامع شریعت و حقیقت، تاج العارفین، قدوۃ السالکین، قطب الاقطاب ، ذی الکرامات والبرکات، فاضل کامل، عارف واصل،کوکب سمائے محاسن وفضائل، صاحب احسن الشمائل،خسرومملکت ولایت،منبع رشدوہدایت، عارف ربانی،محبوب سبحانی،شاہباز لامکانی،صاحب اشارات ومعانی،سیدی و مرشدی محی الدین السید حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز تصوف کی دنیا میں نہ توکسی تعارف کےمحتاج ہیں اور نہ ہی کسی تعریف کے۔ جناب غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ہدیہ عقیدت پیش کرنے میں نہ صرف اپنوں نے بڑھ چڑھ کر زورقلم دکھایا بلکہ آپ کے ناقدین بھی آپ کی عظمت کا اعتراف کئے بغیر نہ رہ سکے اور سبھی نے بہترین الفاظ میں آپ کی مدح سرائی کی ہے۔ جہاں علامہ نورالدین الشطنوفی (بَھجَۃَ الاَسرَار وَمَعدِنَ الانوارفی بَعض مَناقِب القُطب الرَّبّانی مُحیی الدِّین ابو محمد عبدالقادر الجیلانی)،الشیخ محمد بن یحییٰ التادفی الحنبلی (قلائِدَ الجواھرِفی

Marfat.com

مَناقِب تاج الاولیاء ومَعُون الاصفیاء الشَّیخ مُحیی الدِّین عبدالقادرؒ)، ملا علی قاری(مناقِب الغَوث الاعظَم وَالبَدر الاتم)، امام عفیف الدین عبداللہ الیافعی (خُلاصَة المَفاخر فیِ اِختِصار مَناقِب الشَّیخ عبدالقادرؒ) امام عبدالوہاب الشعرانی(الطَّبقَات الکُبریٰ)، الشیخ جعفر البرزنجی (الجنی الدانی فی مناقب القطب الجیلانی)، امام ابن حجر عسقلانی (غبطة الناظر فی ترجمة الشیخ عبدالقادر) ، علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی(روضة الناظر فی ترجمة الشیخ عبدالقادر) ، امام ابن ملقن سراج الدین عمر الانصاری الشافعی(در الجواهر)، علامہ ومفسر محمود افندی آلوسی(شجرة الانوار) ، الشیخ محمد الامین الکیلانی التونیسی (ریاض البساتین فی اخبار الشیخ عبدالقادر الجیلی المحیی الدین) ، علامہ ابراہیم الدیری الشافعی(مختصر الروض الزاهر)، ابن العماد الحنبلی (شذرات الذهب)، الشیخ عبدالحق محدث دہلوی(زبدة الاسرار) ، سید محمد ابوالہدیٰ افندی صیادی رفاعی (الکواکب الزاهر فی مناقب الغوث عبدالقادر)، امام ابوبکر عبداللہ بن نصر صدیقی بغدادی(الانوار الناظر)، اور تاج العارفین عبدالرؤف مناوی المحدث المصری جیسے اکابرین اور جید علمائے کرام جناب غوثیت مآبؒ کی تعریف و توصیف میں رطب اللسان ہیں تو وہاں علامہ ابن الجوزی (المنتظم)، مورخ ابن نجار (ذیل تاریخ بغداد)، مورخ شمس الدین ذہبی (سِیَر اَعلامَ النُّبلاء)، فقیہ ابن رجب حنبلی (ذیل طَبقات الحنابله) ، مورخ ابن اثیر (اَلکَامِل فیِ التَّاریخ) اور علامہ ابن تیمیہ (الفتاویٰ)وغیرہم جیسے علماء بھی آپ کو بہترین الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے نظر آتے ہیں۔ علامہ ابن تیمیہ تو نہ صرف اپنے آپ کی نسبت ارادت سیدی شیخ عبدالقادرؒ کا ذکر

Marfat.com

بڑے فخر سے کرتے ہیں کہ ان کے اور شیخ جیلانؒ کے درمیاں صرف دو مشائخ کا فرق ہے (یعنی موفق الدین ابن قدامہ المقدسی اور تقی الدین عبدالغنی المقدسی) بلکہ انہیں یہ بھی فخر حاصل ہے کہ انہوں نے فتوح الغیب کی عربی زبان میں سب سے پہلی شرح لکھی تھی جس کے مکمل قلمی نسخے کا عکس مولف کے پاس موجود ہے۔ امام ذہبی اور ابن الجوزی نے بھی آپ کو نہایت شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے جن میں آپ کو کثیر الکرامات کہا گیا ہے۔

سیدی غوث اعظمؒ بحر خضر کے جنوب میں واقع ایران کے صوبہ جیلان کے ایک سرسبز و شاداب نیف نامی گاؤں میں شعبان کی آخری رات یعنی غرہ رمضان المبارک ۴۷۰ھ ہجری کو پیدا ہوئے۔ آپ کا نسب اشرف اپنے والد ماجد جناب ابوصالح موسیٰ جنگی دوستؒ کی جانب سے حسنی ہے اور والدہ ماجدہ ام الخیر امۃ الجبار فاطمہ ثانیہؒ بنت عبداللہ الصومعیؒ کی جانب سے آپ حسینی سید ہیں یعنی آپ نجیب الطرفین حسنی و حسینی سادات واشراف میں سے ہیں۔ محققین کے مطابق آپ کا شجرہ نسب یوں ہے: عبدالقادر بن موسیٰ جنگی دوست بن ابی عبداللہ بن یحییٰ الزاہد بن محمد بن داؤد بن موسیٰ بن عبداللہ بن موسیٰ الجون بن عبداللہ المحض بن الحسن المثنیٰ ابن الامام الحسن سبط الرسول ﷺ۔ آپ کے نانا جناب عبداللہ الصومعیؒ اپنے وقت کے ولی کامل تھے اور زہد و ورع میں اپنی مثال آپ تھے۔ آپ کی کنیت ابومحمد، اسم گرامی عبدالقادر اور خالق کائنات رب ذوالجلال والاکرام نے بزبان خلق آپ کو محی الدین، سلطان الاولیاء، اور غوث الاعظم جیسے عظیم القابات سے نوازا۔ آپ کی وفات حسرت آیات ۹۱ برس کی عمر میں ۵۶۱ھ ہجری میں بغداد میں ہوئی اور سن وفات قرآن کریم کی آیہ کریمہ: اِنَّ اَکرَمَکُم عِندَاللّٰہِ اَتقٰیکُم سے نکلتا ہے۔ ایک عربی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

Marfat.com

اِنَّ بَـازَالـلّٰـہِ سُـلُطَـانَ الـرِّجَـالِ

جَـاءَ فِـیْ عِشْـقٍ وَمَـاتَ فِـیْ کَـمَـالِ

یعنی شاہباز یزدانی جمیع اولیائے کرام کے سلطان ہیں

آپ عالم **عشق** میں (اس جہان میں) آئے اور درجہ **کمال** پر پہنچے تو وصال ہوا۔

اس شعر کی خوبصورتی یہ ہے کہ لفظ **عشق** سے سن پیدائش (۴۷۰) نکلتا ہے جبکہ **کمال** کے عددی محاسن یہ ہیں کہ ان کے مجموعے سے عمر مبارک یعنی ۹۱ سال اور عشق اور کمال کے حروف ابجدی کے مجموعے سے سن وصال (۵۶۱) نکلتا ہے۔ آپ کے والد ماجد کا سایہ بچپن ہی میں سر سے اٹھ گیا تھا، لہذا آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے نانا حضور سے حاصل کی اور پھر مزید تعلیم کے لئے والدہ ماجدہ نے بغداد روانہ کردیا جہاں آپ شیخ ابوسعید المخرمیؒ کے مدرسے سے منسلک رہے اور وہیں پر آپ نے اپنی تعلیم مکمل کی۔ آپ نے اس وقت کے جید علمائے کرام کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا جن میں شیخ ابوالوفا ابن عقیل، شیخ محمد بن حسن الباقلانی اور ابوزکریا تبریزی جیسی شخصیات سرفہرست ہیں۔ آپ کے قصیدہ خمریہ میں یہ شعر آپ کی علمی جدوجہد کی عکاسی کرتا ہے:

دَرَسْـتُ الْـعِـلْـمَ حَتّٰی صِـرْتُ قُـطْـباً

وَ نِـلْـتُ الـسَّـعْـدَ مِـنْ مَـوْلَی الْـمَـوَالِـی

میں (ظاہری و باطنی) علم پڑھتے پڑھتے قطب ہو گیا

اور میں نے شاہ شاہاں (خدائے تعالیٰ) کی مدد سے منزل سعادت پالی

پہلے آپ نے الشیخ ابوالخیر حماد الدباسؒ سے بیعت کی، پھر ان کی وفات کے بعد

Marfat.com

آپ الشیخ ابو سعید المخز میؒ کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور آپ نے ان سے خرقہ خلافت حاصل کیا اور سلسلہ عالیہ قادریہ کے مؤسس اعلیٰ ہوئے۔ حضرت ابو سعید المخز میؒ کے بعد مدرسہ نظامیہ کی باگ ڈور اور مسند ارشاد آپ نے سنبھالی۔ دور و نزدیک سے تلامذہ کا تانتا بندھ گیا اور تھوڑے ہی عرصے میں مدرسے کی عمارت تنگ پڑ گئی اور اس کی توسیع کرنی پڑی۔ جہاں لاکھوں مسلمان آپ کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہوئے وہاں آپ کی دعوت و ارشاد سے لاکھوں غیر مسلم بھی مشرف باسلام ہوئے۔

آپ کی ذات بابرکات میں ہمیں تصوف اپنے درجہ کمال پر نظر آتا ہے: آپ صاحب حال بھی رہے اور ایک عرصہ دراز تک آبادی سے دور عزلت نشیں رہے اور جب صاحب قال ہوئے تو آپ نے اپنے خطبات و تصانیف میں علم و عرفاں کے دریا بہا دیے۔ آپ کے ملفوظات و خطبات فصاحت و بلاغت کا بہترین نمونہ ہیں۔ عزلت نشینی ہو یا مسند نشینی آپ نے اپنی تمام تر حیات مبارکہ شریعت مصطفوی کے مطابق بسر کی۔ جناب غوثیت مآبؒ کا شریعت مصطفوی کے ساتھ ساتھ سلوک کی منازل طے کر کے ولایت کے اعلیٰ ترین مرتبہ پر فائز ہونا اس بات کا بین ثبوت ہے کہ آپ کے نزدیک تصوف اور دین اسلام ایک ہی حقیقت کے دو نام ہیں جو کہ ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔ آپ کی تعلیمات میں اس بات پر بہت زور دیا گیا ہے کہ شریعت مبارکہ کا اتباع بدرجہ اتم ہو تو منزل تک رسائی ممکن ہے وگرنہ خام خیالی کے سوا کچھ بھی نہیں۔ اس سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ صوفیائے کبار کے نزدیک تصوف شریعت مصطفوی (االامر بالمعروف اور نہی عن المنکر) کے بغیر ممکن ہی نہیں۔ جہاں تک شیخ جیلانیؒ کا تعلق ہے تو بالفاظ ابن تیمیہ: فَقَد بَیَّنَ الشَّیخ عبدالقادرؒ اِنَّ لَزُوم الامر والنَّھی لابُد مِنہُ

Marfat.com

فِی کلّ مُقام (یعنی الشیخ عبدالقادرؒ نے اس بات کو بالصراحت واضح کر دیا ہے کہ امر اور نہی کی پابندی اور التزام ہر مقام پر لازم ولابدی ہے)۔ آپ کی تصانیف میں جہاں فتوح الغیب اور سر الاسرار جیسی کتب عرفان الٰہی کیلئے بہترین رہنما اور مرشد سالکین ہیں وہاں تفسیر قرآنی اور غنیۃ الطالبین جیسی ضخیم کتب تدبر قرآنی اور تفقہ فی الدین کے شہ پارے ہیں۔آپ کی تعلیمات میں ہمیں شریعت وطریقت کا حسین امتزاج ملتا ہے جو کہ آپ کے علمی تبحر اور عرفانی اوج و مرتبت کی واضح دلیل ہے۔ عالم تصوف میں یہ مقام شائد ہی کسی اور شخصیت کو نصیب ہوا ہو۔ چاردانگ عالم میں پھیلی ہوئی امت مسلمہ میں وہ کون سا ایسا شہر یا بستی ہے جہاں سیدی ومرشدی محی الدین غوث الثقلینؒ کا نام گرامی نہ جانا جاتا ہو، اور وہ کون سا ایسا سلسلہ طریقت ہے جس نے آپ کے سلسلے سے خوشہ چینی نہ کی ہو۔آپ نہ صرف شیخ کامل، بلکہ مجدد اور محی الدین ہیں جنہوں نے امت کے دلوں میں دین کے تصور کو نئے سرے سے استوار کر کے اسلام کا بول بالا کر دیا۔

آپ کے رشحاتِ قلم میں سے ہم تک جو تصانیف پہنچی ہیں، ان میں سے چند ایک جو بام شہرت تک پہنچی ہیں، درج ذیل ہیں:

۱) غُنیّۃ الطالبین طریق الحق مطبوعہ

۲) فُتوح الغیب مطبوعہ

۳) فتح الربّانی والفیض الرحمانی مطبوعہ (اس کا ایک قلمی نسخہ مکتبۃ القادریہ بغداد اور دوسرا جامعہ ملک سعود الریاض میں ہے)

۴) سر الاسرار فی التصوف مطبوعہ (اس کا قلمی نسخہ مکتبۃ القادریہ بغداد اور دوسرا نسخہ جامعہ استنبول میں ہے)

Marfat.com

۵) معراج لطیف المعانی قلمی نسخہ مکتبۃ القادریہ بغداد

۶) الطریق الی اللہ اس میں فوائد خلوت اور ضرورت بیعت پر سیر حاصل بحث ہے۔ قلمی نسخہ مکتبۃ القادریہ بغداد

۷) الرسالۃ الغوثیہ قلمی نسخہ مکتبۃ الاوقاف، بغداد۔

۸) الفیوضات الربانیہ یہ کتاب آپ کی تالیف نہیں، مگر اس کا معتد بہ حصہ آپ کے اوراد و وظائف پر مشتمل ہے

۹) آداب السلوک والتوصل الی منازل السلوک قلمی نسخہ

۱۰) تحفۃ المتقین وسبیل العارفین قلمی نسخہ

۱۱) الحزب الکبیر مطبوعہ

۱۲) رسالہ فی اسماء العظیمہ للطریق الی اللہ قلمی نسخہ

۱۳) کیمیاء السَّعادۃ لِمَن اراد الحسنی والزیادہ

۱۴) تنبیہ الغَبی فی رویۃ النَّبی صلی اللہ علیہ وسلم قلمی نسخہ (ویٹی کن لائبریری)

۱۵) رسالہ فی التَّصوُّف قلمی نسخہ (ملی کتب خانہ، انقرہ، اور جامعہ ملک سعود، الریاض)

۱۶) المختصر فی علم الدین قلمی نسخہ (ملی کتب خانہ، انقرہ)

۱۷) تفسیر القرآن قلمی نسخہ (مکتبۃ الشیخ رشید کرامی، طرابلس۔ یہ نسخہ جناب غوثیت مآبؓ کے اپنے مبارک ہاتھ سے تحریر کردہ ہے۔

اس کے علاوہ ایک نسخہ کتب خانہ ملت استنبول میں بھی ہی۔ تفسیر فاتحۃ الکتاب اس کے علاوہ ہے جس کا قلمی نسخہ بھی استنبول میں ہے۔ تفسیر القرآن حال ہی میں قاہرہ سے چھ

Marfat.com

جلدوں میں شائع ہوچکی ہے)

۱۸) جلاء الخاطر فی الباطن والظاهر (قلمی نسخہ۔ یزمہ اثر کتب خانہ، ترکی)

۲۹) وِرد الشَّیخ عبدالقادر الجیلانیؓ (قلمی نسخہ۔ الورد الاکبر۔ حسن پاشا کتب خانہ، استنبول)

۲۰) حِزب النجاة والابتهاج والالتقاء (قلمی نسخہ۔ بایزید کتبخانہ، استنبول)

۲۱) الدلائل القادریة

۲۲) الحجة البیضاء

۲۳) بَشائر الخیرات

۲۴) مجموعة خُطَب (ملفوظات شیخ عبدالقادر الجیلانی)

۲۵) رسالة الوصیه (وصایة الشیخ عبدالقادر) (مخطوطہ نمبر ۲۵۱، مکتبہ فیض اللہ شیخ مراد۔ دوسرا نسخہ استنبول میں ہے)

۲۶) اغاثة العارفین وغایة منی الواصلین مخطوطہ بغداد

۲۷) مَولد النَّبی قلمی نسخہ جامعہ ملک سعود، الریاض

۲۸) دیوان (عربی) مطبوعہ بیروت (ان میں آپ کے تمام مشہور ومعروف قصاید، مثلاً قصیدہ غوثیہ، بھی شامل ہیں)

۲۹) دیوان (فارسی) مطبوعہ۔ اس کا اردو ترجمہ پاکستان میں کئی بار چھپ چکا ہے۔

۳۰) الرد علی الرافضه قلمی نسخہ مکتبۃ القادریہ بغداد

۳۱) دعاء ختم القرآن قلمی نسخہ، جامعہ ٹوکیو، جاپان

Marfat.com

اس کے علاوہ ہمیں آپ کی مندرجہ ذیل کتب کا ذکر کشف الظنون، الاعلام، ہدیۃ العارفین، معجم المولفین اور ایضاح المکنون جیسی کتب میں ملتا ہے:

۳۲) تحفة المتَّقين و سَبِيل العَارفين

۳۳) الكِبريتَ الاَحمر فى الصلاة على النبى صلی اللہ علیہ وسلم

۳۴) روضة الانوار (قلمی نسخہ۔ ملی کتب خانہ، انقرہ)

۳۵) يواقيت الحِكَم

۳۶) الطَقُوس اللّاَهُوتيه

۳۷) كتاب التصوف (قلمی نسخہ: جامعہ ازہر، قاہرہ۔ رقم المخطوطہ: ۳۳۷۵۸۲، یہ ۲۲۲ صفحات پر مشتمل ہے)

۳۸) المواهب الرحمانية صاحب روضات الجنات نے اس کا ذکر کیا ہے۔

۳۹) رسائل الشيخ عبدالقادر . خمسة عشر (۱۵) مکتوباً (اصلا فارسی زبان میں ہیں جس کا قدیم ترین نسخہ استنبول ملت کتب خانہ میں ہے) دوسرا نسخہ حیدرآباد ہندستان میں مکتبہ آصفیہ میں تھا جو کہ اب سنٹرل انڈیا لائبریری میں منتقل ہو چکا ہے۔ جامعہ ام القریٰ مکۃ المکرّمہ میں شاہ عبداللہ لائبریری میں بھی ایک نسخہ موجود ہے۔ استنبول میں اس کے ترکی زبان میں تراجم کے قلمی نسخے بھی موجود ہیں۔ ان مکتوبات مبارکہ کا ذکر دیگر کتب کے علاوہ ہمیں زرکلی کی اعلام (ج:۴، ص: ۱۷۱) اور ھدیة العارفین کی جلد ا، صفحہ ۵۹۶ پر ملتا ہے جو اس بات کا بین ثبوت ہے کہ یہ مکاتیب مبارکہ سیدی و مرشدی غوث الاعظمؒ کے رشحات قلم سے ہیں۔

موجودہ کتاب آخر الذکر مجموعہ خمسة عشر رسائل کا اردو ترجمہ ہے۔ ان علم وعرفان کے جواہر پاروں پر پہلی نظر سے ہی معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ مکتوبات

Marfat.com

دراصل مکمل روڈ میپ یعنی مشعل راہ اور جادہ منزل ہیں، جس میں جا بجا قرآنی آیات سے استناد کر کے شریعت و طریقت کے آپس میں گہرے تعلق کو واضح کیا گیا ہے جس سے سالک اپنی منزل مقصود یعنی حقیقت تک بآسانی رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ ان مکتوبات مبارکہ میں لطیف اشارات اور استعاروں کی زبان میں جا بجا علم و عرفان کے موتی بکھرے نظر آتے ہیں۔ قاری کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مرشد کامل حضرت غوث الثقلینؒ انگلی پکڑ کر مخاطب یعنی سالک کو ایک طفل مکتب کی طرح قدم بہ قدم اور منزل بہ منزل راستہ دکھا رہے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ اسے ان غفلتوں اور دنیاوی شہوات و خواہشات سے متنبہ بھی کرتے جاتے ہیں جن کے جھانسے میں آ کر اکثر سالکین نشان منزل تک کھو بیٹھتے ہیں۔ ہر قدم پر سیدی و مرشدی پیران پیرؒ سلوک کی پر خطر راہ میں پیش آنے والی رکاوٹوں کی نشان دہی کرتے ہوئے ان کے مقابلے کے لئے سالک کو جہدِ مسلسل، پامردی اور استقامت کے ساتھ شریعت کی پابندی کی تلقین کرتے ہیں جو بالآخر اسے اس منزل مقصود سے ہمکنار کر دیتی ہے جہاں اس پر عنایات الٰہیہ کی برکھا برسنے لگ جاتی ہے اور وہ یقین کے ان مراتب پر فائز ہو جاتا ہے جو مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ الْمُقْتَدِر کا مقصود ہے۔ سیدی و مرشدی سلطان السالکین شاہ جیلانؒ سالک کو صراط مستقیم پر چلاتے ہوئے نفس امارہ کے حرص و ہوا کے دام میں مقید عالم ناسوت کی پابندیوں اندھیروں اور حجابات سے نکال کر عالم ملکوت کی لطافتوں اور سرعت پرواز سے بہرہ ور کرتے ہوئے دنیائے جبروت کی پہنائیوں کو عالم تحیر کی تمام تر کمزوریوں کے باوجود عشق کی جرات رندانہ سے عبور کروا کر عالم لاہوت کے گوناگوں لطائف و اسرار کی دنیا میں لے جاتے ہیں جہاں انوار و تجلیات اس کے دل پر بے حجابانہ جلوہ گر ہونے لگ جاتے ہیں۔

Marfat.com

سیدی و مرشدی غوث الثقلین رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں جادہ حق اور منازلِ احسان کی شاہراہ پر جو بھی سنگ میل آتا ہے اس کی نشاندہی قرآنِ مجید فرقانِ حمید کی کسی نہ کسی آیت کریمہ نے کردی ہے اور یوں ہر سنگ میل فرمان الٰہی کا آئینہ دار نظر آتا ہے جس سے متعلق قرآنی آیات کریمہ کا بیان آپ نے اس حسین انداز سے کیا ہے کہ قاری پر واضح ہو جاتا ہے کہ سالک کی تمام احوال و کیفیات میں کی جانے والی ریاضتیں، مراقبے اور ذکر قرآنی تعلیمات اور اشارات سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہونے چاہئیں۔ ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ ان مکاتیب مبارکہ میں جا بجا ہمیں نہ صرف قرآن کریم کی آیات کے حوالے ملتے ہیں بلکہ اپنی جانب سے کچھ لکھنے کی بجائے مرشد کامل نے ان آیات کریمہ کو نفس مضمون میں اس طرح سے ہیروں کی طرح جڑ دیا ہے کہ پڑھنے والا آپ کے علمی تبحر کی داد دیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ان مکاتیب مبارکہ کی تعداد صرف پندرہ ہے مگر اس میں دی گئی آیات کریمہ کی تعداد بغیر کسی تکرار کے ۲۷۵ کے قریب ہے۔ اگرچہ جادۂ حق میں ہر ایک مکتوب الگ الگ موضوع پر مشتمل ہے جو اپنے آپ میں منازل سلوک کا ایک مکمل روڈ میپ ہے، مگر سب کا مجموعہ راہرو راہ سلوک کے لئے تمام منازل تک رسائی کے لیے ایک مکمل گائیڈ اور راہنما ہے۔ قاری ایک نظر میں ہی بھانپ لیتا ہے کہ تمام مذکورہ کیفیات اور احوال محض ظن و تخمین کی بنا پر بیان نہیں کیے گئے بلکہ سبھی مقامات کہنہ مشق طائر لاہوتی کی جولانگاہیں ہیں جن کی رفعتوں میں باز اللہ الاشہب جناب غوثیت مآب رحمۃ اللہ علیہ یَخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ کے فیضان سے ہمہ جہت بنفس نفیس محو پرواز ہیں۔ آپ کے فارسی دیوان کا ایک شعر کچھ یوں ہے:

مرغ ملکِ ملکوتیم دریں دیرِ خراب

میشود نورِ تجلی خدا دانۂ ما

Marfat.com

(ہم اس عالم فانی میں رہ کر بھی طائر عالم ملکوت ہیں جہاں انوار الٰہی کی تجلیات ہمارا دانہ دُنکا ہے یعنی ہم ہمہ وقت انوار و تجلیات الٰہیہ سے مستفید ہوتے ہیں)

ان مبارک مکتوبات کی تعداد مختلف کتب میں مختلف بتائی گئی ہے۔ درالدارین میں صرف سات مکاتیب درج ہیں، حافظ محمد علی مرادآبادی نے کلمات طیبات کی شکل میں پندرہ مکاتیب کا ترجمہ کیا ہے۔ یہ مکتوبات مبارکہ دراصل فارسی زبان میں ہیں جن کی تعداد سترہ ہے۔ ان کا قدیم ترین قلمی نسخہ جامعہ استنبول کے مکتبہ میں محفوظ ہے، جس سے نقل شدہ نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں موجود تھا جو کہ بعد میں سنٹرل انڈیا لائبریری میں منتقل ہوگیا ہے۔ اسی کی ایک نقل مائیکروفیش کی صورت میں نورما ئیکروفیلم نے محفوظ کی ہے۔ ایسا ہی ایک قلمی نسخہ ظل الرحمٰن لائبریری انڈیا میں بھی موجود ہے۔ جامعہ ام القریٰ میں موجود قلمی نسخہ کا عکس اس کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔ ان فارسی نسخوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تمام مکاتیب سیدی و مولائی شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ نے مختلف اوقات میں ابوالنجیب الشیخ شہاب الدین سہروردیؒ کو تحریر فرمائے تھے۔ ظاہری طور پر تو مخاطب صرف مکتوب الیہ ہی ہیں، مگر شیخ کے انداز بیان سے واضح ہوتا ہے کہ آپ کا روئے سخن ہر طالب منزل کی جانب ہے جس سے طلبگار راہیانِ جادۂ طریقت کی رہنمائی مقصود ہے۔

ان مکاتیب کا عربی زبان میں ترجمہ سب سے پہلے محدث علی ابن حسام الدین متقیؒ نے کیا۔ اس کے علاوہ دوسرا عربی ترجمہ سلیمان رأفت پاشا (جو کہ ترکی حکومت کی جانب سے پرشیا کے گورنر تھے) نے بھی کیا ہے جس کا ایک قلمی نسخہ جامعہ ملک سعود الریاض میں محفوظ ہے۔ مکۃ المکرّمہ میں جامعہ ام القریٰ میں موجود فارسی مخطوطے کے متعلق ہم یہ عرض کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ یہ صرف گیارہ مکتوبات مبارکہ پر اکتفاء کرتا ہے جن میں سے

Marfat.com

نو تو دونوں مذکورہ عربی تراجم میں بھی ہیں مگر دو مکتوبات ایسے ہیں جو ان مخطوتات میں شامل نہیں، لہذا ہم نے ان پندرہ مکتوبات مبارکہ کے بعد ان دونوں مکتوبات کے ترجمہ کو بھی شامل کتاب ہذا کرلیا ہے۔ فارسی مخطوطے کے مندرجات اور ان دونوں عربی تراجم کو سامنے رکھ کر موجودہ اردو ترجمہ کیا گیا ہے اور ساتھ ہی ساتھ آیات کریمہ کے مکمل حوالہ جات بھی مہیا کردیے گئے ہیں۔ ہماری کوشش رہی ہے کہ ترجمہ میں اپنی جانب سے کسی قسم کی شرح سے اجتناب کیا جائے اور صرف حضور غوث الوریٰؒ کے مکتوبات کے اردو ترجمہ پر اکتفاء کیا جائے۔ قرآن مجید فرقان حمید کی تمام آیات کریمہ کے تراجم کنزالایمان سے لیے گئے ہیں۔ تاہم مکتوبات مبارکہ کے ترجمے میں اگر کوئی جھول رہ گئی ہو تو اصل فارسی متن یا پھر اس کے عربی ترجمے کے متن سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔ ہمیں یقین کامل ہے کہ ہماری یہ کاوش راہ نوردان راہِ طریقت کے لیے پیر کامل سیدی و مرشدی حضرت غوث اعظم قدس اللہ سرہ العالی کے ارشادات کی شکل میں ان کو جادہ حق اور جستجوئے منزل میں ثابت قدم اور پرعزم رکھنے اور حصول منزل میں کامران ہونے میں مددگار ثابت ہوگی۔

احقر العباد

عبدالحمید قادری

مدینہ طیبہ، ۳۰ شعبان المعظم ۱۴۳۱ ہجری

Marfat.com

اردو ترجمہ
۱۷ مکتوبات مبارکہ
جنابِ غوثِ صمدانی محبوبِ ربانی
الشیخ السیّدی عبدالقادر الجیلانی
قدس اللہ سرہ العالی
کاوش
عبدالحمید قادری

Marfat.com

Marfat.com

پہلا مکتوب

جذبہ حق اور عشق صادق

اے عزیز! بمصداق فرمان الٰہی ﴿یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۔ اللہ اپنے نور کی راہ بتاتا ہے جسے چاہتا ہے (۱)﴾ جب شہود کی تجلیات کی بجلیاں فیض کے گھنے بادلوں میں سے چمکنے لگ جاتی ہیں اور نسیم وصل کے جھونکے اس بندے کی جانب چلنے لگتے ہیں جسے اللہ جل جلالہ اپنی رحمت اور عنایت خاصہ کے لئے منتخب کر لیتا ہے ﴿یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۔ اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے جسے چاہے (۲)﴾ تو دلوں کے باغیچوں میں انس اور محبت کے پھول کھل اٹھتے ہیں اور جذب وشوق کی بلبلیں روح کے گلستانوں میں عشق و اشتیاق کے ایسے نغمے گنگنانے لگتی ہیں جیسے کہ محبوب سے لمحہ بھر کی جدائی بھی ایسے شاق گزر رہی ہو جیسا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کا حضرت یوسف علیہ السلام کے فراق میں بے قراری کا عالم ہو جس کی طرف قرآن کریم نے ان الفاظ میں اشارہ کیا ہے ﴿یٰۤاَسَفٰی عَلٰی یُوْسُفَ ۔ ہائے افسوس یوسف کی جدائی پر (۳)﴾ اور پھر اشتیاق کے شعلے باطن کے گوشے گوشے میں بھڑک اٹھتے ہیں۔ ایسے میں طائر

Marfat.com

فکر و نظر کے بال و پر عظمت و رفعت پرواز کے سامنے مزید بلندیوں تک اڑنے سے بالکل بے بس ہو کر رہ جاتے ہیں اور عقل و خرد کے گھوڑے معرفت کی وادیوں کی جولان گاہوں میں دوڑ کر راہ نوردِ شوق کو ورطہ ہیبت میں ڈال دیتے ہیں جس کے صدمہ سے ایک طرف تو عالم ہوش میں عقل و آگہی کی بنیادیں ہل کر رہ جاتی ہیں تو دوسری طرف اس کے تمام تر عزائم اور ارادوں کی کشتیاں بندے کی طرف سے ناشکری کی وجہ سے اللہ رب العزت جل جلالہ کے انعام و اکرام کی بے قدری کے سمندر کے گرداب میں پھنس جاتی ہیں جیسا کہ فرمان رب ذوالجلال ہے: ﴿وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۔ اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ جانی جیسی چاہیے تھی (۴)﴾۔ وہاں پہاڑوں سے بھی بلند و بالا بپھری ہوئی موجیں اور طغیانیاں ﴿وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۔ اور وہی انہیں لیے جا رہی ہیں ایسی موجوں میں جیسے پہاڑ ہوں (۵)﴾ اسے عالم تحیر کی اتھاہ گہرائیوں میں پھینک دیتی ہیں۔ ایسے میں اسے اس طلاطم رستاخیز میں عشق صادق کی موجوں سے ﴿يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ ۔ وہ اللہ کے پیارے اور اللہ ان کا پیارا (۶)﴾ کی نوید جانفزا سنائی دیتی ہے اور ہر سالک بزبان حال پکارنے لگ جاتا ہے: رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُبَارَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۔ اے میرے رب مجھے برکت والی جگہ اتار اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے (۷)﴾۔ ایسے میں سابقہ انعام و اکرام پھر اس بندے کی طرف لوٹ آتے ہیں ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى ۔ بیشک وہ جن کے لیے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہو چکا (۸)﴾، اور اس سے راہ نوردِ شوق اپنی منزل مقصود ﴿فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ ۔ ان کے لیے سچ کی مجلس ہے (۹)﴾ کے بحر جودی کے ساحل پر اترنے کے قابل ہو جاتا ہے یعنی بمصداق فرمان رب ذوالجلال ﴿وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ۔ اور انہیں ان کے رب

Marfat.com

نے ستھری شراب پلائی (۱۰)﴾ اسے حریم ناز میں حضوری نصیب ہو جاتی ہے جہاں سالک بادۂ الست ﴿اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۔ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ (۱۱)﴾ کے میخواروں کی مجلس تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ وہاں نعمتوں کے خوان بچھائے جاتے ہیں ﴿لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَ زِيَادَةٌ ۔ بھلائی والوں کے لیے بھلائی ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ (۱۲)﴾ اور اس بزم ناز میں قرب و وصال کے جام مقرب ساقیوں کے ہاتھوں میں گردش میں آتے ہیں اور اس بندے کو ملک سرمدی اور ثروت ابدی کے نظاروں سے مشرف کیا جاتا ہے اور فرمان الٰہی ﴿وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ۔ اور جب تو ادھر نظر اٹھائے تو چین دیکھے اور بڑی سلطنت (۱۳)﴾ کے مصداق وہ جدھر نگاہ اٹھا کر دیکھتا ہے اسے انعام واکرام کے انبار اور عظیم سلطنت نظر آنے لگ جاتی ہے۔

(۱) النُّوْر : ۳۵ (۲) آلِ عِمْرَان: ۴۷

(۳) یُوْسُف: ۸۴ (۴) الانعام: ۹۱

(۵) هُوْد: ۴۲ (۶) الْمَآئِدۃ: ۵۴

(۷) اَلْمُؤْمِنُوْن: ۲۹ (۸) اَلْاَنْبِيَاء: ۱۰۱

(۹) اَلْقَمَر: ۵۵ (۱۰) اَلدَّهْر: ۲۱

(۱۱) اَلْاَعْرَاف: ۱۷۲ (۱۲) یُوْنُس: ۲۶

(۱۳) اَلدَّهْر: ۲۰

Marfat.com

الله محبة

والذين جاهدوا فينا لنهدينهم
سبلنا وإن الله لمع المحسنين
بسم الله الرحمن الرحيم
الم غلبت الروم في أدنى الأرض

Marfat.com

دوسرا مکتوب

جذبہ حق اور عشق صادق

اے عزیز! اپنی آرزوؤں کی خام ڈلی کو پہلے ﴿وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوا فِیْنَا ۔ اور جنہوں نے ہماری راہ میں کوشش کی (۱۴)﴾ کی طلب اور جہد کی کٹھالی میں ڈال، پھر اسے خوف خدا ﴿وَ یُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ ۔ اور اللہ تمہیں ڈراتا ہے (۱۵)﴾ کی بھٹی سے گزار کر اس میں نکھار پیدا کرتا کہ تو جادہ حق پا سکے جیسا کہ فرمان الٰہی ہے: ﴿لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۔ ضرور ہم انہیں اپنے راستے دکھا دیں گے (۱۶)﴾، اور تمہارا مس خام کندن بن کر بازار میں اپنی قیمت پا سکے۔ ﴿اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۔ بیشک اللہ نے مؤمنین سے ان کے مال اور جان خرید لیے ہیں اس بدلے پر کہ ان کے لیے جنت ہے (۱۷)﴾ کے مصداق جب تو بازار میں سودا کرے تو اس خالص کندن کے بدلے ﴿اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ ۔ ہاں خالص اللہ ہی کی بندگی ہے (۱۸)﴾ اللہ کے خالص دین کا متاع بے بہاء خرید سکے تا کہ اسرار لاہوتیہ میں سے کوئی سربستہ راز تم پر کھل سکے اور فرمان رب ذوالجلال ﴿اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہ

Marfat.com

لِلۡاِسۡلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوۡرٍ مِّنۡ رَّبِّه ۔ تو کیا وہ جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے (۱۹)﴾ کے انوار کی تجلیات کی شعاع تیرے دل کو منور کردے اور ﴿اُدۡعُوۡنِیۡۤ اَسۡتَجِبۡ لَكُمۡ ۔ مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا (۲۰)﴾ کی صلائے عام تیرے دل کو توفیق عطا کردے کہ تو ﴿قُلۡ مَتَاعُ الدُّنۡیَا قَلِیۡلٌ ۔ تم فرمادو کہ دنیا کا برتنا تھوڑا ہے (۲۱)﴾ کے گہرے گڑھے سے نکل کر ﴿وَالۡاٰخِرَةُ خَیۡرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی ۔ اور جو ڈرتے ہیں ان کے لیے آخرت بہتر ہے (۲۲)﴾ کی اوج ثریا پر پہنچ سکے اور ﴿نَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡهِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِیۡد ۔ ہم دل کی رگ سے بھی اس سے زیادہ نزدیک ہیں (۲۳)﴾ کے قرب اور وصل کی خوشبوئے معطر تیرے نفس کو مہکا دے جس سے تیرے دل کا شجر یقین جھوم اٹھے اور وہ توحید خالص کی خزاں میں ﴿قُلِ اللّٰهُ، ثُمَّ ذَرۡهُمۡ ۔ اللہ کہو اور پھر انہیں چھوڑ دو (۲۴)﴾ غیر اللہ کے پتوں سے ایسے پاک و مجرد ہو جائے جیسا کہ حکم ﴿وَلَا تَدۡعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۔ اور اللہ کے ساتھ دوسرے خدا کو نہ پوج (۲۵)﴾ کا مقتضاء ہے۔ پھر تم پر موسم بہار کی ہوائیں چلنے لگیں گی اور قرب کی نعمتوں ﴿اِنَّ الَّذِیۡنَ سَبَقَتۡ لَهُمۡ مِّنَّا الۡحُسۡنٰی ۔ بیشک وہ جن کے لیے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہو چکا (۲۶)﴾ کی باران رحمت برسنے لگے گی۔ پھر ﴿اَللّٰهُ یَجۡتَبِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ اللہ اپنے قریب کے لیے چن لیتا ہے جسے چاہے (۲۷)﴾ کے بادلوں کے فیوض و برکات کی برکھا برسنے لگے گی اور دل کے گلشن کی زمین علم لدنی ﴿وَعَلَّمۡنٰهُ مِنۡ لَّدُنَّا عِلۡمًا ۔ اور اسے ہم نے اپنا علم لدنی عطا کیا (۲۸)﴾ کے بیل بوٹوں سے ہری بھری ہو جائے گی اور دل کا شجرۃ الیقین ﴿اِنَّ رَحۡمَتَ اللّٰهِ قَرِیۡبٌ مِّنَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ۔ بیشک اللہ کی رحمت نیکوں سے قریب ہے (۲۹)﴾ کے پھل سے ثمر بار ہو جائے گا اور اس چشمہ جس سے

Marfat.com

مقربانِ بارگاہِ ایزدی اپنی پیاس بجھاتے ہیں ﴿عَیۡنًا یَّشۡرَبُ بِهَا الۡمُقَرَّبُوۡنَ ۔ وہ چشمہ جس سے مقربانِ بارگاہ پیتے ہیں (۳۰)﴾ سے جاری ہونے والی نہریں باطن کی وادیوں میں بہنے لگ جائیں گی۔ یہ اللہ کا فضل ہے اور ﴿ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰهِ یُؤۡتِیۡهِ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے (۳۱)﴾ کی بشارت دینے والا یہ خوشخبری سنائے: ﴿اَلَّا تَخَافُوۡا وَلَا تَحۡزَنُوۡا وَاَبۡشِرُوۡا بِالۡجَنَّةِ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ۔ نہ ڈرو اور نہ غم کرو اور خوش ہو اس جنت پر جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا (۳۲)﴾ اور جناتِ نعیم کے رضوان یہ کہہ کر خوش آمدید کہیں گے: ﴿رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡهُ ۔ اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی (۳۳)﴾ اور ان استقبالیہ کلمات و ترحیب کے ساتھ مائدہ نعمت پر مدعو کریں گے: ﴿کُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا هَنِیۡٓـًٔا بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۔ کھاؤ اور پیو خوشگواری سے صلہ اپنے اعمال کا (۳۴)﴾۔

(۱۴) العنکبوت : ۶۹ (۱۵) آل عمران : ۳۰

(۱۶) العنکبوت : ۵۹ (۱۷) التوبۃ : ۱۱۱

(۱۸) الزمر : ۳ (۱۹) الزمر : ۲۲

(۲۰) المومن : ۶۰ (۲۱) النسآء : ۷۷

(۲۲) النسآء : ۷۷ (۲۳) ق : ۱۶

(۲۴) الانعام : ۹۱ (۲۵) قصص : ۸۸

(۲۶) الانبیاء : ۱۰۱ (۲۷) شوریٰ : ۱۳

(۲۸) الکھف : ۶۵ (۲۹) الاعراف : ۵۶

(۳۰) المطففین : ۲۸ (۳۱) المآئدہ : ۵۴

(۳۲) حم السجدۃ : ۳۰ (۳۳) التوبۃ : ۱۰۰

(۳۴) الطور : ۱۹

Marfat.com

Marfat.com

تیسرا مکتوب

بیم و رجاء

اے عزیز! اس دن سے ڈرو جب ﴿یَوۡمَ یَفِرُّ الۡمَرۡءُ مِنۡ اَخِیۡهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِیۡهِ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِیۡهِ ۔ اس دن آدمی بھاگے گا اپنے بھائی اور ماں اور باپ اور بیوی سے (۳۵)﴾ اور اس دن کے محاسبہ کی فکر کرو جب بمصداق فرمان الٰہی ﴿اِنۡ تُبۡدُوۡا مَا فِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ اَوۡ تُخۡفُوۡهُ یُحَاسِبۡکُمۡ بِهِ اللّٰهُ ۔ اگر تم ظاہر کرو جو کچھ تمہارے جی میں ہے یا چھپاؤ، اللہ تم سے اس کا حساب لے گا (۳۶)﴾ اور چوپایوں جانوروں کی طرح ﴿اُولٰٓئِکَ کَالۡاَنۡعَامِ ۔ وہ چوپایوں کی طرح ہیں (۳۷)﴾ نفسانی خواہشات ولذات میں مشغول نہ رہا کرو اور سر نگوں رہ کر مراقبہ (ذکر و فکر) میں محو رہا کرو جیسا کہ فرمان الٰہی ہے: ﴿فَاذۡکُرُوۡنِیۡۤ اَذۡکُرۡکُمۡ ۔ تم میری یاد کرو میں تمہارا چرچا کروں گا (۳۸)﴾، اور مشاہدہ حق کے لئے اپنے دل کی نگاہیں کھولے تیار رہا کرو یعنی نظاروں کے منتظر رہا کرو: ﴿وُجُوۡهٌ یَّوۡمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۔ اِلٰی رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۔ کچھ منہ اس دن تروتازہ ہوں گے اپنے رب کو دیکھتے (۳۹)﴾ اور ان انعام واکرام کو یاد رکھو جو قرآن مجید فرقان حمید

Marfat.com

کے فرمان کے مطابق ﴿وَلَکُمْ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْ اَنْفُسُکُمْ وَلَکُمْ فِیْهَا مَاتَدَّعُوْنَ ۔
اور تمہارے لیے ہے اس میں جو تمہارا جی چاہے اور تمہارے لیے ہے اس میں جو مانگو
(۴۰)﴾۔ عین ممکن ہے کہ تیرا دل ہاتف غیبی کی یہ صدا سن لے: ﴿اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ
لَکُمْ ۔ مجھے پکارو میں تمہاری فریاد سنتا ہوں (۴۱) وَاللّٰهُ یَدْعُوْٓا اِلٰی دَارِ السَّلٰمِ ۔ اور
اللہ سلامتی کے گھر کی طرف پکارتا ہے (۴۲)﴾ اور تم لہو ولعب ﴿اَنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا
لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ۔ بیشک دنیا کی زندگی تو نہیں مگر کھیل کود (۴۳)﴾ کی خواب غفلت سے
بیدار ہو جاؤ اور فرمان الٰہی ﴿وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۔ اُولٰٓئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۔ فِیْ
جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۔ اور جو سبقت لے گئے وہ تو سبقت ہی لے گئے، وہی مقرب بارگاہ ہیں،
چین کے باغوں میں (۴۴)﴾ کے مقامات علیا کے درجات کی طلب میں تمہیں اگر سر کے
بل چل کر بھی آگے بڑھنا پڑے تو کوئی بڑی بات نہیں۔ تمہاری ہمت مردانہ تیز تر گام
بھرتی ہوئی تجھے اس مقام پر لے جائے گی جہاں لطف واکرام ﴿اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ ۔
اللہ اپنے بندوں پر لطف فرماتا ہے (۴۵)﴾ کی بشارت دینے والا اس خوشخبری کے اعلان
﴿لَهُمُ الْبُشْرٰی ۔ انہیں خوشخبری ہے (۴۶)﴾ کے تحائف سے بھرے طباق ہاتھوں میں
تھامے تمہارا استقبال کرے گا اور ﴿لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ اور اللہ ہی کی
ملک ہیں تمام لشکر آسمانوں اور زمین کے (۴۷)﴾ کے لشکر تمہاری مدد کے لئے تمہارے ہم
رکاب ہوں اور تم اپنے دشمنوں ﴿اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۔ بیشک شیطان
آدمی کا کھلا دشمن ہے (۴۸)﴾ کی افواج پر فتح پاؤ گے اور نفس امارہ کے چنگل ﴿اِنَّ
النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْٓءِ ۔ بیشک نفس تو برائی کا بڑا حکم دینے والا ہے (۴۹)﴾ اور گرفت
سے چھٹکارا پاؤ گے اور تمہارے دل کے پردہ سیمیں پر لطائف واسرار ﴿وَاتَّقُوا اللّٰهَ

Marfat.com

وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۔ اوراللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے (۵۰)﴾ کے حقائق ظاہر ہونے لگ جائیں! ایسے میں لازم ہے کہ تیری روح کا پرندہ اپنی پچھلی لغزشوں کو یاد رکھے اور جادہ حق پر ﴿فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۔ اور اپنے رب کی راہیں چل کہ تیرے لیے نرم و آسان ہیں (۵۱)﴾ کی پرسکون فضاؤں میں اشتیاق کے بال و پر کے ساتھ محو پرواز رہے اور ﴿كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۔ ہر قسم کے پھل میں سے کھا (۵۲)﴾ کے باغوں سے انس و محبت کے پھلوں سے بہرہ ور ہوتا رہے! یوں تیرے باطن کا آئینہ انوار و تجلیات کی شعاؤں سے جگمگا اٹھے گا اور تجھ پر شب و روز کے اسرار و رموز ﴿يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ ۔ اور لاتا ہے دن رات کے حصے میں (۵۳)﴾ منکشف ہونے شروع ہو جائیں گے اور تیرے دل کا باغیچہ بمصداق فرمان ایزدی ﴿وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۔ اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اتارا تو اس سے باغ اگائے اور اناج کہ کاٹا جاتا ہے (۵۴)﴾ باران رحمت سے سرسبز باغ ارم کی طرح لہلہانے لگ جائے گا اور دل سے پژمردگی ایسے دور ہو جائے گی جیسا کہ فرمان الٰہی ہے: ﴿وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۔ اور ہم نے اس سے مردہ شہر کو زندگی بخشی (۵۵)﴾۔ پھر تیری نگاہ سے تمام حجاب اٹھ جائیں گے ﴿فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۔ تو ہم نے تجھ پر سے پردہ اٹھا دیا تو آج تیری نگاہ تیز ہے (۵۶)﴾ اور تو مشاہدات حق سے بہرہ ور ہو کر کبھی تو ﴿اِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۔ تو اللہ سارے جہان سے بے پروا ہے (۵۷)﴾ کے مصداق بحر استغناء میں غواصی کرے گا اور کبھی ﴿اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۔ کیا اللہ کی خفی تدبیر سے بے خبر ہیں؟ (۵۸)﴾ کی ہیبت کے زہریلے بھنور میں سرگرداں رہے گا، اور کبھی عالم شوق میں ﴿وَلَا تَايْئَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ۔

Marfat.com

اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو (۵۹) ﴾ کی نسیم لطف و کرم کے لطیف جھونکوں میں تمجید کے گلشن میں تیری بلبل اشتیاق ﴿اِنِّیۡ لَاَجِدُ رِیۡحَ یُوۡسُفَ لَوۡ لَاۤ اَنۡ تُفَنِّدُوۡنِ ۔ بیشک میں یوسف کی خوشبو پاتا ہوں اگر مجھے یہ نہ کہو کہ سٹھ گیا ہوں (۶۰) ﴾ جیسے نغمات سے عالم وجد میں آ کر جھومنے لگ جائے گی یہاں تک کہ حاسدین ان الفاظ میں تیری ملامت پر اتر آئیں گے: ﴿تَاللّٰہِ اِنَّکَ لَفِیۡ ضَلٰلِکَ الۡقَدِیۡمِ ۔ خدا کی قسم آپ اپنی اسی پرانی خود رفتگی میں ہیں (۶۱) ﴾ کہ تو تو ابھی تک اسی پرانی وارفتگی کے عالم میں ہے! مگر جب اس آیہ کریمہ: ﴿اَلۡقٰهُ عَلٰی وَجۡهِهٖ فَارۡتَدَّ بَصِیۡرًا ۔ اس نے وہ کرتا اس کے منہ پر ڈالا اور اسی وقت اس کی آنکھیں پھر آئیں (۶۲) ﴾ کے مصداق تیرے کمالات و اثرات ظاہر ہونے لگ جائیں گے تو ہر کوئی عجز و انکساری کے ساتھ معذرت خواہانہ انداز میں کہنے پر مجبور ہو جائے گا: ﴿اَسۡتَغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِیۡنَ ۔ ہمارے گناہوں کی معافی مانگئے بے شک ہم خطاوار ہیں (۶۳) ﴾ اور نہایت اخلاص اور ندامت سے (برادران یوسف کی طرح) پکار اٹھے گا: ﴿لَقَدۡ اٰثَرَکَ اللّٰهُ عَلَیۡنَا ۔ بیشک اللہ نے آپ کو ہم پر فضیلت دی (۶۴) ﴾۔ ایسے میں تو اپنے رب سے ایسے مناجات کرے گا: ﴿رَبِّ قَدۡ اٰتَیۡتَنِیۡ مِنَ الۡمُلۡکِ وَعَلَّمۡتَنِیۡ مِنۡ تَاۡوِیۡلِ الۡاَحَادِیۡثِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اَنۡتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیۡ مُسۡلِمًا وَّ اَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ ۔ اے میرے رب بیشک تو نے مجھے ایک سلطنت دی اور مجھے کچھ باتوں کا انجام نکالنا سکھایا، اے آسمانوں اور زمین کے بنانے والے تو میرا کام بنانے والا ہے دنیا اور آخرت میں، مجھے مسلمان اٹھا اور ان سے ملا جو تیرے قرب خاص کے لائق ہیں (۶۵) ﴾۔

Marfat.com

(۳۵) عبس : ۳۴ تا ۳۶
(۳۶) البقرۃ : ۲۸۴
(۳۷) الاعراف : ۱۷۹
(۳۸) البقرۃ : ۱۵۲
(۳۹) القیامہ : ۲۲۔۲۳
(۴۰) حم السجدۃ : ۳۱
(۴۱) غافر (المؤمن) : ۶۰
(۴۲) یونس : ۲۵
(۴۳) الحدید : ۲۰
(۴۴) الواقعۃ: ۱۰ تا ۱۲
(۴۵) شوریٰ :۱۹
(۴۶) یونس : ۶۴
(۴۷) الفتح : ۴
(۴۸) یوسف:۵
(۴۹) یوسف : ۵۳
(۵۰) البقرۃ : ۲۸۲
(۵۱) النحل : ۶۹
(۵۲) النحل : ۶۹
(۵۳) فاطر: ۱۳، الحدید: ۶،لقمان : ۲۹
(۵۴) ق : ۹
(۵۵) ق : ۱۱
(۵۶) ق : ۲۲
(۵۷) آل عمران : ۹۷
(۵۸) الاعراف : ۹۹
(۵۹) یوسف : ۸۷
(۶۰) یوسف : ۹۴
(۶۱) یوسف : ۹۵
(۶۲) یوسف : ۹۶
(۶۳) یوسف : ۹۷
(۶۴) یوسف : ۹۳
(۶۵) یوسف : ۱۰۱

Marfat.com



Marfat.com

چوتھا مکتوب

غفلت پر تنبیہ اور وعید اور ترغیب توبہ

اے عزیز! غفلت پڑے رہنا اور دنیاوی زندگی پر اتراتے رہنا کوئی سعادت کی بات نہیں۔ کیا تیرے دل کو یہ خطاب سنائی نہیں دیتا: ﴿اَرَضِیۡتُمۡ بِالۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا مِنَ الۡاٰخِرَۃِ. کیا تم نے دنیا کی زندگی آخرت کے بدلے پسند کرلی؟ (٦٦)﴾؟ کیا تمہیں اس وعید اور تنبیہ سے بھی خوف نہیں آتا: ﴿مَنۡ کَانَ فِیۡ ھٰذِہٖۤ اَعۡمٰی فَھُوَ فِی الۡاٰخِرَۃِ اَعۡمٰی وَاَضَلُّ سَبِیۡلًا. اور جو اس زندگی میں اندھا ہو وہ آخرت میں بھی اندھا ہے اور بھی زیادہ گمراہ (٦٧)﴾؟ کیا تو اس چیلنج اور وعید پر بھی کان نہیں دھرتا: ﴿اِقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُھُمۡ وَھُمۡ فِیۡ غَفۡلَۃٍ مُّعۡرِضُوۡنَ. لوگوں کا حساب قریب ہے اور وہ غفلت میں منہ پھیرے ہیں (٦٨)﴾؟ کیا تمہیں اس سرزنش کا بھی کوئی فکر ہے کہ نہیں: ﴿مَنۡ کَانَ یُرِیۡدُ حَرۡثَ الۡاٰخِرَۃِ نَزِدۡ لَہٗ فِیۡ حَرۡثِہٖ وَ مَنۡ کَانَ یُرِیۡدُ حَرۡثَ الدُّنۡیَا نُؤۡتِہٖ مِنۡھَا وَ مَا لَہٗ فِی الۡاٰخِرَۃِ مِنۡ نَّصِیۡبٍ. جو آخرت کی کھیتی چاہے ہم اس کے لیے اس کی کھیتی بڑھائیں اور جو دنیا کی کھیتی چاہے ہم اسے اس میں سے کچھ دیں

Marfat.com

گے اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں (۶۹)﴾؟ رہا اس تنبیہ کا سوال: ﴿فَاَمَّا مَنْ طَغٰی، وَ آثَرَ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا، فَاِنَّ الْجَحِیْمَ ھِیَ الْمَاْوٰی ۔ تو وہ جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی تو بیشک جہنم ہی اس کا ٹھکانا ہے (۷۰)﴾ تو کب تک تو خواب غفلت میں سوتا رہے گا اور دنیاوی شہوات کے جال میں الجھا رہے گا؟ ﴿تُوْبُوْا اِلَی اللّٰہِ ۔ اللہ کی طرف توبہ کرو (۷۱)﴾ توبہ کی عبادت گاہ کی طرف لوٹ آؤ اور تمام تر توجہ کے ساتھ ﴿اَنِیْبُوْا اِلٰی رَبِّکُمْ ۔ اور اپنے رب کی طرف رجوع کرو (۷۲)﴾ کی محراب میں کھڑے ہو کر صدق دل سے پکارو: ﴿اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ۔ میں نے اپنا منہ اس کی طرف کیا جس نے آسمان اور زمین بنائے، ایک اسی کا ہو کر، اور میں مشرکوں میں سے نہیں (۷۳)﴾ تاکہ تم پر ﴿وَھُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ وَیَعْفُوْا عَنِ السَّیِّاٰتِ ۔ اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا اور گناہوں سے درگزر فرماتا ہے (۷۴)﴾ کے اسرار رموز کی خوبیاں ﴿اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ الرَّحِیْمٌ ۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے (۷۵)﴾ کے خزائن سے تم پر منکشف ہو جائیں اور تمہیں مزید عنایات و اکرام کے ساتھ شریک ضمرہ ﴿اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَھِّرِیْنَ ۔ بیشک اللہ پسند کرتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور پسند رکھتا ہے ستھروں کو (۷۶)﴾ کئے جانے کی خوشخبری بھی مل جائے! پھر ﴿تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ ۔ جسے چاہے عزت دے (۷۷)﴾ کی اوج و عظمت بخشنے والا زبان حال سے تمہیں یہ ندا دے گا: ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔ بے شک وہ جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر ثابت قدم رہے نہ ان پر خوف نہ ان کو غم (۷۸)﴾۔

Marfat.com

(۶۶) توبہ : ۳۸

(۶۷) بنی اسرائیل : ۷۲

(۶۸) الانبیآء : ۱

(۶۹) الشوریٰ : ۲۰

(۷۰) النازعات : ۳۷تا ۳۹

(۷۱) تحریم : ۸

(۷۲) الزمر : ۵۴

(۷۳) الانعام : ۷۹

(۷۴) الشوریٰ : ۲۵

(۷۵) البقرۃ : ۱۸۲

(۷۶) البقرۃ : ۲۲۲

(۷۷) آل عمران : ۲۶

(۷۸) الاحقاف : ۱۳

Marfat.com

Marfat.com

پانچواں مکتوب

رموز وصل و معیت

اے عزیز! جب معارف وحکم کے سورج آسمان اسرار ورموز کے مطلع سے طلوع ہوتے ہیں اور دلوں کی زمین کو ﴿وَاَشۡرَقَتِ الۡاَرۡضُ بِنُوۡرِ رَبِّهَا ۔ اور زمین جگمگا اٹھے گی اپنے رب کے نور سے (۷۹)﴾ کے نور سے منور کرتے ہیں تو عقل کی بصیرتوں سے جہالت کے اندھیروں کے پردے سرمہ ﴿فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ ۔ تو ہم نے تجھ پر سے پردہ اٹھایا (۸۰)﴾ سے چھٹ جاتے ہیں۔ فہم وآگہی کے باطن کی آنکھیں انوار قدسیہ کی تابانیوں کے مشاہدات پر محوحیرت ہو جاتی ہیں اور عالم ملکوت کے اسرار کے عجائبات کے منکشف ہونے پر فکر وخیال اور عقل وخرد سب ورطہ تعجب میں ڈوب جاتے ہیں۔ پھر قوت عشق اس کو طلب وجستجو کی وادیوں میں سرگرم و سرگرداں کردیتی ہے اور غلبہ شوق قرب کی دنیا میں انس ومحبت کا رنگ بھر دیتا ہے: ﴿اِنَّ اللّٰهَ لَذُوۡفَضۡلٍ عَلَى النَّاسِ ۔ بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے (۸۱)﴾۔ ایسے میں پکارنے والا ہاتف ندا لگاتا ہے: ﴿وَهُوَ مَعَكُمۡ اَيۡنَ مَا كُنۡتُمۡ ۔ اور وہ تمہارے ساتھ ہے تم

Marfat.com

جہاں کہیں بھی ہو (۸۲)﴾۔ جب (سالک) اس رازِ معیت و یگانگت سے مطلع ہوجاتا ہے تو وہ اپنی ہستی کھو بیٹھتا ہے ﴿وَلا تَجعَلُوا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ ۔ اور اللہ کے ساتھ اور معبود نہ ٹھہراؤ (۸۳)﴾۔ پھر جب ﴿لَیسَ لَکَ مِنَ الاَمرِ شَیءٌ ۔ یہ بات تمہارے ہاتھ نہیں (۸۴)﴾ کے بحرِ فنا میں غوطہ زن ہوکر وہ جوہرِ توحید کا ادراک کرتا ہے جہاں غیریت کی لہریں اس کو عظمت کے بحرِ بے کنار میں پھینک دیتی ہیں، وہاں وہ ہیبت زدہ ہوکر ساحل پر آنے کی سعی کرتا ہے اور عالمِ تحیر کے بھنور میں الجھ کر بے اختیار پکار اٹھتا ہے: ﴿رَبِّ اِنّی ظَلَمتُ نَفسی فَاغفِرلی ۔ اے میرے رب میں نے اپنی جان پر زیادتی کی تو مجھے بخش دے (۸۵)﴾۔ ایسے میں لطف و کرم کی کشتیاں ﴿وَحَمَلنٰهُم فِی البَرِّ وَالبَحرِ ۔ اور ان کو خشکی اور تری میں سوار کیا (۸۶)﴾ اس کی مدد کو آپہنچتی ہیں اور اس کو لطف و کرم کے ساحل ﴿نُصِیبُ بِرَحمَتِنا مَن نَشَاءُ ۔ ہم اپنی رحمت جسے چاہیں پہنچائیں (۸۷)﴾ پر اتار دیتی ہیں اور اسے اسرار و رموز کے خزائن ﴿وَاللّٰهُ بِکُلِّ شَیءٍ مُّحِیط ۔ اللہ ہر چیز کو محیط ہے (۸۸)﴾ کی چابیاں عطا کردی جاتی ہیں۔ وہ ﴿وَاَنَّ اِلٰی رَبِّکَ المُنتَهٰی ۔ اور یہ کہ بیشک تیرے رب ہی کی طرف انتہا ہے (۸۹)﴾ کے اسرار پر انوار سے مطلع ہوجاتا ہے، تب اسے ﴿فَاَوحٰی اِلٰی عَبدِهٖ مَا اَوحٰی ۔ پس وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی (۹۰)﴾ کے مضمرات سمجھ میں آنے لگتے ہیں اور وہ ایسے اشارات کو سمجھنے کے قابل ہوجاتا ہے جو کہ ﴿لَقَد رَاٰی مِن آیَاتِ رَبِّهِ الکُبرٰی ۔ بیشک اپنے رب کی بہت بڑی نشانیاں دیکھیں (۹۱)﴾ میں مضمر ہیں۔

(۷۹) الزمر: ۶۹ — (۸۰) ق: ۲۲
(۸۱) مؤمن: ۶۱ — (۸۲) حدید: ۴

Marfat.com

(۸۳) الذاریات :۵۱ (۸۴) آل عمران: ۱۲۸

(۸۵) قصص : ۱۶ (۸۶) بنی اسرائیل:۷۰

(۸۷) یوسف : ۵۶ (۸۸) حم السجدۃ : ۵۴ فصلت : ۵۴

(۸۹) النجم :۴۲ (۹۰) النجم : ۱۰

(۹۱) النجم : ۱۸

Marfat.com

Marfat.com

چھٹا مکتوب

نفس امارہ پر غلبہ کی ضرورت

اے عزیز! جب عنایات و اکرام کے لشکر اِن بندوں پر غالب آجاتے ہیں جنہیں اللہ جل جلالہ اپنے قرب کے لئے منتخب فرماتا ہے ﴿اَللّٰہُ یَجۡتَبِیۡۤ اِلَیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ اللہ اپنے قریب کے لیے چن لیتا ہے جسے چاہے (۹۲)﴾ تو وہ اللہ کے بندے اپنے سرکش نفس امارہ کو ریاضات ومجاہدات ﴿وَجَاھِدُوۡا فِی اللّٰہِ حَقَّ جِھَادِہٖ اور جہاد کرو اللہ کے لیے جیسا جہاد کرنے کا حق ہے (۹۳)﴾ کی لگام سے قابو میں لاتے ہیں اور خواہشات کے آمروں کو تقوی کی جیل میں قید کر کے مجاہدات کی زنجیروں میں جکڑ دیتے ہیں اور یوں آرزوں کے ان فرعونوں کی گردنوں میں ﴿اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ ۔ حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا (۹۴)﴾ کے طوق ڈال دیے جاتے ہیں ۔ ایسے بندے اپنے ارادوں اوراختیارات کے کارندوں کو ﴿مَنۡ یَّعۡمَلۡ سُوۡٓءًا یُّجۡزَ بِہٖ ۔ جو برائی کرے گا اس کا بدلہ پائے گا (۹۵)﴾ مکافات عمل کے چابکوں اور تازیانوں سے سزا دیتے ہیں۔ ایسے میں ہاتف غیبی زبان حال وصدق سے صدا لگا تا ہے: ﴿اِنَّ

Marfat.com

الْمُلُوْکَ اِذَادَخلُوْا قَرْیَۃً اَفْسَدُوْھَا وَجَعلُوْآاَعِزَّۃَ اَھْلِھَآاَذِلَّۃً ۔ بیشک بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ کردیتے ہیں اور اس کے عزت والوں کو ذلیل کردیتے ہیں (۹۶)﴾ اور جب دلوں کے آنگن ﴿وَمَنْ یَبْتَغِ غَیْرَ الاسْلامِ دِیْنًا فَلَنْ یُقْبَلَ مِنْہُ ۔ اور جو اسلام کے سوا کوئی دین چاہے گا وہ ہرگز اس سے قبول نہ کیا جائے گا (۹۷)﴾ کے گرد وغبار سے صاف ہو جاتے ہیں اور روح کے گلشن ﴿اُولٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْاِیْمَانَ ۔ یہ ہیں جن کے دل میں اللہ تعالیٰ نے ایمان نقش فرما دیا (۹۸)﴾ کے لطف واکرام کی بادصبا سے مہک اٹھتے ہیں اور دلوں کے فانوس ﴿وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ ۔ اور اللہ کو اپنا نور پورا کرنا ہے (۹۹)﴾ کے انوار کی تابانیوں سے ایسے صیقل آئینے کی طرح ہو جاتے ہیں جن پر شہود کی تجلیات کی بجلیاں ﴿یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ ۔ جس دن بدل دی جائے گی زمین اس زمین کے سوا (۱۰۰)﴾ ضوءفشانی کرتی ہیں اور پھر ہر سو ذوق وشوق کے ساز دھیمے دھیمے سروں میں نغمے بکھرنے لگتے ہیں جیسے: ﴿ھَبَآءً مَّنْثُوْرًا ۔ باریک باریک غبار کے بکھرے ہوئے ذرے جو روزن دیوار سے دھوپ کے وقت نظر آتے ہیں (۱۰۱)﴾ جس پر زبان صدق کہہ اٹھتی ہے: ﴿وَتَرَی الْجِبَالَ تَحْسَبُھَا جَامِدَۃً وَّھِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۔ اور تو دیکھے گا پہاڑوں کو خیال کرے گا کہ وہ جمے ہوئے ہیں اور وہ چلتے ہوں گے بادل کی چال (۱۰۲)﴾۔ تب عشق کا اسرافیل ﴿وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ. اور صور پھونکا جائے گا (۱۰۳)﴾ صور پھونکتا ہے یہاں تک کہ انہیں خوفناک بجلی کا کڑکا ﴿فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ ۔ تو بے ہوش ہو جائیں گے جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں (۱۰۴)﴾ سنائی دینے لگتا ہے، مگر خوشخبری دینے والا انہیں ﴿لَا یَحْزُنُھُمُ الْفَزَعُ الْاَکْبَرُ ۔ انہیں غم میں نہ

Marfat.com

ڈالے گی وہ سب سے بڑی گھبراہٹ (۱۰۵)﴾ کا مژدہ سنا کر استقبال کرتا ہے اور مقام علیین میں مقعد صدق پر رضوان ﴿بُشْرٰكُمُ الْيَوْمَ ۔ آج تمہاری سب سے زیادہ خوشی کی بات ہے (۱۰۶)﴾ کی نوید کے ساتھ مدعو کرتے ہیں، پھر جنات نعیم کے دروازے کھول دیے جائیں گے جہاں ان کا ان کلمات کے ساتھ استقبال ہوگا: ﴿سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۔ سلام تم پر، تم خوب رہے، اب جنت میں جاؤ ہمیشہ رہنے کے لیے (۱۰۷)﴾۔ اللہ کے بندے پکار اٹھیں گے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۔ سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنا وعدہ ہم سے سچا کیا اور ہمیں اس زمین کا وارث کیا کہ ہم جنت میں رہیں جہاں چاہیں، تو کیا ہی اچھا ثواب ہے عمل کرنے والوں کا (۱۰۸)﴾۔

(۹۲) الشوریٰ : ۱۳	(۹۳) الحج : ۷۸
(۹۴) المآئدۃ : ۹۲	(۹۵) النسآء : ۱۲۳
(۹۶) النمل : ۳۴	(۹۷) آل عمران: ۸۵
(۹۸) المجادلۃ: ۲۲	(۹۹) الصّف: ۸
(۱۰۰) ابراھیم :۴۸	(۱۰۱) الفرقان : ۲۳
(۱۰۲) النمل : ۸۸	(۱۰۳) الزمر : ۶۸
(۱۰۴) الزمر : ۶۸	(۱۰۵) الانبیآء : ۱۰۳
(۱۰۶) حدید :۱۲	(۱۰۷) الزمر : ۷۳
(۱۰۸) الزمر : ۷۴	

Marfat.com

Marfat.com

ساتواں مکتوب

زہد کی اہمیت

اے عزیز! دنیائے دُوں سے اپنے آپ کو دور رکھ۔ اس عالمِ فریب سے ﴿فَلَا تَغُرَّنَّکُمُ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا وَلَا یَغُرَّنَّکُمْ بِاللّٰہِ الْغَرُوْرُ ۔ تو ہرگز تمہیں دھوکا نہ دے دنیا کی زندگی، اور ہرگز تمہیں اللہ کے حکم پر فریب نہ دے وہ بڑا فریبی (۱۰۹)﴾ چپکے سے گزر جا اور ان حضوری والے لوگوں کی منازل کو یاد رکھ جن کے چہروں پر سکھ اور چین کی تازگی ﴿تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْھِھِمْ نَضْرَۃَ نَعِیْمٍ ۔ تو ان کے چہروں میں چین کی تازگی پہچانے (۱۱۰)﴾ نمایاں ہوتی ہے تاکہ تیرا مشام قلب ﴿فَرَوْحٌ وَّ رَیْحَانٌ وَّ جَنَّتُ نَعِیْمٍ ۔ تو راحت ہے اور پھول اور چین کے باغ (۱۱۱)﴾ کے گلستان سے خوشبو کی مہک سونگھ سکے اور تو ﴿یُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ، خِتٰمُہٗ مِسْکٌ ۔ نتھری شراب پلائی جائے گی جو مہر کی ہوئی رکھی ہے، اس کی مہر مشک پر ہے (۱۱۲)﴾ کے جام شیریں سے ایک گھونٹ پی سکے اور تجھ پر ﴿لَقَدْ جَاءَکَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ ۔ بیشک تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے حق آیا (۱۱۳)﴾ کے دقیق رموز منکشف ہوں۔ ایسے

Marfat.com

میں تو ﴿وَلا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَالَایَنْفَعُکَ وَلا یَضُرُّکَ ۔ اور اللہ کے سوا اس کی بندگی نہ کر جو نہ تیرا بھلا کر سکے نہ برا (۱۱۴)﴾ والی یکتائی اور یگانگت کی بساط پر متمکن ہوگا اور انس ومحبت کے سازوں سے ﴿نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْکَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ ۔ ہم تمہیں سب سے اچھا بیان سناتے ہیں (۱۱۵)﴾ کے نغمے سنے گا۔ کبھی تو تو شاہد و مشہود کے اسرار عالم جذب و شوق میں مژدہ جاں فزا: ﴿فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ ۔ سناؤ میرے ان بندوں کو جو کان لگا کر بات سنیں پھر اس کے بہتر پر چلیں (۱۱۶)﴾ کے سریلے نغمے سنے گا اور کبھی تو استقامت ﴿فَاسْتَقِمْ کَمَا اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَکَ ۔ تو قائم رہو جیسا تمہیں حکم ہے اور جو تمہارے ساتھ رجوع لایا ہے (۱۱۷)﴾ کی ہیبت و جلال کے سامنے اپنے سر کو مراقبے میں جھکا دینا اور کبھی ﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا ۔ اور اللہ کی رسی مضبوط تھام لو سب مل کر (۱۱۸)﴾ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لینا اور ﴿وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ ۔ اور مدد نہیں مگر اللہ غالب حکمت والے کے پاس ہے (۱۱۹)﴾ اللہ کی استعانت و نصرت کا دامن تھام لینا، کبھی تو ﴿اِنَّ اللّٰہَ بِکُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ بیشک اللہ تم پر ضرور مہربان رحم والا ہے (۱۲۰)﴾ کے ساحل مراد پر اتر جائے گا۔ پھر ﴿فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا ۔ تو جسے اپنے رب سے ملنے کی امید ہو اسے چاہیے کہ نیک کام کرے (۱۲۱)﴾ کے باغات سے پھلوں کو چن کر جھولیاں بھر لینا اور بمصداق فرمان الٰہی ﴿وَلِکُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۔ اور ہر ایک کے لیے اپنے اپنے عمل کے درجے ہیں (۱۲۲)﴾ کی نہروں میں سے بقدر ہمت سیراب ہو جانا خواہ ایک چلو اور مشت بھر ہی کیوں نہ ہو۔ اپنا وقت ﴿اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ

Marfat.com

الۡعٰلَمِيۡنَ ۔ بیشک میری نماز اور میری قربانیاں اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ کے لیے
ہے جو سارے جہان کا رب ہے (۱۲۳)﴾ کے سائبان کے سائے میں گزارا کر اور
﴿وَ مَنۡ اَوۡفٰی بِعَهۡدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسۡتَبۡشِرُوۡا بِبَيۡعِكُمُ الَّذِیۡ بَايَعۡتُمۡ بِهٖ ۔ اور اللہ سے
زیادہ قول کا پورا کون ہے پس خوشیاں مناؤ اور اپنے سودے کی جو تم نے اس سے کیا
ہے (۱۲۴)﴾ کے خوان نعمت میں سے لطف اندوز ہوا کر۔ کچھ بعید نہیں کہ تو اللہ جل جلالہ
کے فضل وکرم کی منادی کی ندا سنے گا: ﴿يٰعِبَادِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡكُمُ الۡيَوۡمَ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ
تَحۡزَنُوۡنَ ۔ اے میرے بندو آج نہ تم پر خوف نہ تم کو غم ہو (۱۲۵)﴾ ۔

(۱۰۹) فاطر : ۵
(۱۱۰) مطففین : ۲۴
(۱۱۱) الواقعۃ : ۸۹
(۱۱۲) مطففین : ۲۵ تا ۲۶
(۱۱۳) یونس : ۹۴
(۱۱۴) یونس : ۱۰۶
(۱۱۵) یوسف : ۳
(۱۱۶) الزمر : ۱۷۔۱۸
(۱۱۷) ہود : ۱۱۲
(۱۱۸) آل عمران : ۱۰۳
(۱۱۹) آل عمران : ۱۲۶
(۱۲۰) الحدید: ۹
(۱۲۱) الکھف : ۱۱۰
(۱۲۲) الاحقاف: ۱۹
(۱۲۳) الانعام : ۱۶۲
(۱۲۴) التوبۃ : ۱۱۱
(۱۲۵) الزخرف : ۶۸

Marfat.com

Marfat.com

آٹھواں مکتوب

انس و محبت

اے عزیز! جب انس و محبت کے نغمے تیرے دل کے کانوں میں رس گھولنے لگیں تو تجھے ﴿اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۔ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ (۱۲۶)﴾ کا خطاب اور ﴿قَالُوْا بَلٰى ۔ سب نے کہا ہاں (۱۲۷)﴾ کی وارفتگی اور منظر یاد آ جانا چاہیے۔ پھر بے اختیار تیرے ذوق و شوق کی عندلیب فراق و حزن میں ﴿یٰۤاَسَفٰى عَلٰى یُوْسُفَ ۔ افسوس یوسف کی جدائی پر (۱۲۸)﴾ کی لے میں نالہ و فغان کرنے لگے گی اور آہ و زاری میں تمہاری حالت ﴿وَابْیَضَّتْ عَیْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِیْمٌ ۔ اور اس کی آنکھیں غم سے سفید ہو گئیں، وہ غصہ کھاتا رہا (۱۲۹)﴾ جیسی ہو جائے گی۔ تیرے دل کے طنبورے سے نکلنے والی فراق ﴿اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ۔ میں تو اپنی پریشانی اور غم کی فریاد اللہ ہی سے کرتا ہوں (۱۳۰)﴾ کی دھنیں صبر جمیل ﴿فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ۔ پس صبر اچھا ہے (۱۳۱)﴾ کے نغموں میں ڈھل جائیں گی۔ اس وقت شدت جذبات کی بجلیاں فضاؤں میں کچھ اس طرح کوندنے لگتی ہیں کہ عقل و خرد کی آنکھیں خیرہ ہو جاتی

Marfat.com

ہیں جیسا کہ فرمایا گیا ہے ﴿یکَادُ سَنَا بَرْقِهٖ یَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ۔ قریب ہے کہ اس میں بجلی کی چمک آنکھ لے جائے (۱۳۲)﴾ اور روح کی آنکھوں کے بادلوں سے توبہ اور افسوس کے عرق انفعال کی جھڑی لگ جاتی ہے جس سے مزرعہ دل کی اراضی سیراب ہو جاتی ہے بمصداق: ﴿مَنْ کَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِیْ حَرْثِهٖ . جو آخرت کی کھیتی چاہے ہم اس کے لیے اس کی کھیتی بڑھاتے ہیں (۱۳۳)﴾ اور پھر دل کی بنجر زمین پر ﴿وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً ۔ اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا ہے بہت سی غنیمتوں کا (۱۳۴)﴾ غنیمتوں کے سرسبز پودے لہلہانے لگ جاتے ہیں۔ ﴿وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ . اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو وہ اسے کافی ہے (۱۳۵)﴾ کی آرزوؤں اور امیدوں کے باغیچے ﴿اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۔ بیشک اللہ اپنا کام پورا کرنے والا ہے (۱۳۶)﴾ کی خوشبو کی لپٹوں سے مہک اٹھتے ہیں۔ صبر و استقامت کے درخت کی شاخیں ﴿اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۔ صابروں ہی کو ان کا ثواب بھرپور دیا جائے گا بغیر حساب کے (۱۳۷)﴾ کے اجر لامحدود کے میووں سے ثمربار ہو کر ﴿هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِکْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۔ یہ ہماری عطا ہے اب تو چاہے تو احسان کر، یا روک رکھ، تجھ پر کچھ حساب نہیں (۱۳۸)﴾ کی عنایات سے جھک کر لہرانے لگ جاتی ہیں۔ پھر ﴿وَرَبُّکَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۔ اور تمہارا رب بخشنے والا رحمت والا ہے (۱۳۹)﴾ کا ہاتف غیبی ندائیں لگاتا ہے: ﴿اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ۔ بیشک یہ ہمارا رزق ہے کہ کبھی ختم نہ ہوگا (۱۴۰)﴾۔

(۱۲۶) الاعراف: ۱۷۲ (۱۲۷) الاعراف: ۱۷۲

(۱۲۸) یوسف : ۸۴ (۱۲۹) یوسف : ۸۴

Marfat.com

(۱۳۰) یوسف : ۸۶

(۱۳۱) یوسف : ۸۳

(۱۳۲) النور : ۴۳

(۱۳۳) الشوریٰ : ۲۰

(۱۳۴) الفتح : ۱۹

(۱۳۵) الطلاق : ۳

(۱۳۶) الطلاق : ۳

(۱۳۷) الزمر : ۱۰

(۱۳۸) ص : ۳۹

(۱۳۹) کہف : ۵۸

(۱۴۰) ص : ۵۴

Marfat.com



Marfat.com

نواں مکتوب

حرص و ہوا سے اجتناب اور صحبت صالحین

اے عزیز! خواہشات وشہوات کی دنیا سے کنارہ کشی کرو ﴿لَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۔ اور خواہش کے پیچھے نہ جانا کہ تجھے اللہ کی راہ سے بہکا دے گی (۱۴۱)﴾۔ اور باطنی غفلتوں کے چنگل سے باہر آجاؤ اور جس کا دل ذکر رحمان سے غافل ہو ﴿وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا ۔ اور اس کا کہا نہ مانو جس کا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا (۱۴۲)﴾ اس کا کہا نہ مانو۔ غافل اور سنگدلوں کی صحبت سے بچے رہنا ﴿فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۔ تو خرابی ہے ان کی جن کے دل یادِ خدا کی طرف سے سخت ہو گئے ہیں (۱۴۳)﴾۔ صمیم قلب سے اس بانگ درا پر گوش برآواز رہنا: ﴿اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۔ اپنے رب کا حکم مانو اس دن کے آنے سے پہلے جو اللہ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں (۱۴۴)﴾ اور اس بانگ درا پر توجہ مرکوز رکھنا: ﴿اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ ۔ کیا ایمان والوں کو ابھی وہ وقت نہ آیا کہ ان کے دل جھک جائیں اللہ

Marfat.com

کی یاد کے لیے (۱۴۵)﴾ اور ﴿وَلَا یَغُرَّنَّکُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۔ اور ہرگز تمہیں اللہ کے حکم پر فریب نہ دے وہ بڑا فریبی (۱۴۶)﴾ سے ہوشیار رہنا جو کہ اس بات کا انتباہ ہے کہ:
﴿اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ یُّتْرَکَ سُدًی ۔ کیا آدمی اس گھمنڈ میں ہے کہ اسے آزاد چھوڑ دیا جائے گا (۱۴۷)﴾۔ ان لوگوں کے حالات پر نظر رکھنا جو ہر وقت حضوری کے عالم میں رہتے ہیں یعنی ﴿رِجَالٌ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰهِ ۔ وہ مرد جنہیں غافل نہیں کرتا کوئی سودا اور نہ خرید وفروخت اللہ کی یاد سے (۱۴۸)﴾ اور کعبہ مقصود کی جانب یکسوئی کے ساتھ دشت تنہائی میں سب سے الگ تھلگ ہو کر سر کے بل سرگرداں رہنا اور صرف اللہ کی خاطر دنیا سے اس طرح کٹ جانا جیسا کہ کٹنے کا حق ہے: ﴿وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ۔ اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے ہو رہو (۱۴۹)﴾۔ اس خلوت اور عزلت گزینی کی حالت میں اپنے تمام امور اللہ کے سپرد کر دینا۔ ﴿وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ ۔ اور میں اپنے کام اللہ کو سونپتا ہوں (۱۵۰)﴾ کی خود سپردگی کے گھوڑے پر سوار ہو کر قافلہ اہل صدق وصفا کے ہمرکاب رہنا یعنی ﴿کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۔ سچوں کے ساتھ ہو جاؤ (۱۵۱)﴾ اور دنیا کی زینت وزیبائش ﴿اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَی الْاَرْضِ زِیْنَةً لَّهَا ۔ بے شک ہم نے زمین کو سنگار کیا جو کچھ اس پر ہے (۱۵۲)﴾ کی سکونت گاہوں سے دور نکل جانا اور فتنوں کی ہلاکت کاریوں ﴿اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَةٌ ۔ تمہارے مال اور تمہاری اولاد جانچ ہی تو ہیں (۱۵۳)﴾ سے بچ کر راہ راست پر گامزن رہنا۔ ﴿اِنَّ هٰذِهٖ تَذْکِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیْلًا ۔ بے شک یہ نصیحت ہے تو جو چاہے اپنے رب کی طرف راہ لے (۱۵۴)﴾ کی ہدایت کی راہوں میں سے کوئی ایک پگڈنڈی اختیار کر لینا اور ﴿اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ ۔ یا وہ جو لاچار کی سنتا ہے جب اسے

Marfat.com

پکارے (۱۵۵)﴾ کی تڑپ اور اضطراری والی زبان کے ساتھ تمام تر تضرع، عجز اور انکساری کے ساتھ گڑگڑاتا کہ اے اللہ: ﴿اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۔ ہم کو سیدھا راستہ چلا (۱۵۶)﴾ یہاں تک کہ ﴿اَلَاۤ اِنَّ اَوۡلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ۔ سن لو بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ کچھ غم (۱۵۷)﴾ کی بشارت دینے والا تیری طرف متوجہ ہو جائے اور ﴿سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِيۡمٍ ۔ ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا (۱۵۸)﴾ کے مژدہ جانفزا کے ساتھ تمہیں مرحبا کہے اور ﴿نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتۡحٌ قَرِيۡبٌ ۔ اللہ کی مدد اور جلد آنے والی فتح (۱۵۹)﴾ کی سواری پر بٹھا کر جنت النعیم کی طرف تمہیں مدعو کرے گا۔ ﴿فَانۡقَلَبُوۡا بِنِعۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضۡلٍ لَّمۡ يَمۡسَسۡهُمۡ سُوۡٓءٌ ۔ تو پلٹے اللہ کے احسان اور فضل سے کہ انہیں کوئی برائی نہ پہنچی (۱۶۰)﴾ اور وصال کی نسیم عنبریں ہر طرف سے تیری جانب چلنے لگے گی اور غیب کے ساقیوں کے ہاتھوں محبت کی شراب کے ساغروں کا دور شروع ہو جائے گا اور ﴿اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمۡ جَزَآءً وَّكَانَ سَعۡيُكُمۡ مَّشۡكُوۡرًا ۔ ان سے فرمایا جائے گا یہ تمہارا صلہ ہے اور تمہاری محنت ٹھکانے لگی (۱۶۱)﴾ کی مجالس رندانہ کا سماں ہوگا۔ انس و محبت کی منادی کرنے والا ﴿كَلَّمَ اللّٰهُ مُوۡسٰى تَكۡلِيۡمًا ۔ اور اللہ نے موسیٰ سے حقیقتاً کلام فرمایا (۱۶۲)﴾ کے قصے کو بیان کرنے لگے گا۔ پھر جب وہ ﴿فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلۡجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا ۔ پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر اپنا نور چمکایا اسے پاش پاش کر دیا (۱۶۳)﴾ کی تمہید بیان کرے گا تو بصیرت رکھنے والی نگاہیں اس وارفتگی کے احوال ﴿وَخَرَّ مُوۡسٰى صَعِقًا ۔ اور موسیٰ بیہوش ہو کر گر پڑے (۱۶۴)﴾ کا کچھ ادراک کر سکیں گی، مگر جب ان ﴿وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۔ کچھ منہ اس دن تر و تازہ

Marfat.com

ہونگے اپنے رب کو دیکھتے (١٦٥) ﴾ چہروں کو دیکھے گا تو اپنی عاجزی اور بے بسی کا اعتراف کرتے ہوئے زبان حال سے پکار اٹھے گا: ﴿لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۔ آنکھیں اسے احاطہ نہیں کرتیں اور سب آنکھیں اس کے احاطہ میں ہیں (١٦٦)﴾۔

(١٤١) ص : ٢٦
(١٤٢) الکھف : ٢٨
(١٤٣) الزمر : ٢٢
(١٤٤) الشوریٰ : ٤٧
(١٤٥) الحدید : ١٦
(١٤٦) فاطر : ٥
(١٤٧) القیامۃ : ٣٦
(١٤٨) النور : ٣٧
(١٤٩) المزمل : ٨
(١٥٠) مؤمن : ٤٤
(١٥١) التوبۃ : ١١٩
(١٥٢) الکھف : ٧
(١٥٣) التغابن : ١٥
(١٥٤) المزمل : ١٩
(١٥٥) النمل : ٦٢
(١٥٦) الفاتحہ : ٥
(١٥٧) یونس : ٦٢
(١٥٨) یٰسٓ : ٥٨
(١٥٩) الصّف : ١٣
(١٦٠) آل عمران : ١٧٤
(١٦١) الدّھر : ٢٢
(١٦٢) النسآء : ١٦٤
(١٦٣) الاعراف : ١٤٣
(١٦٤) الاعراف : ١٤٣
(١٦٥) القیامۃ : ٢٣
(١٦٦) الانعام : ١٠٣

Marfat.com

دسواں مکتوب

عجز وانکساری

اے عزیز! جب تک تو اپنی جبین اضطراری کو عجز وانکساری کی خاک پر نہیں رکھے گا اور تیری آنکھوں کے بادل پشیمانی کے آنسوؤں کی برکھا نہیں برسائیں گے تیری زندگی کے باغیچے میں خوشیوں کا سبزہ نہیں اگے گا، اس وقت تک تیری امیدوں کے باغ مراد کا پھل نہیں پائیں گے، نہ ہی تیرے صبر کے شجر کی شاخوں پر رضاء کی کونپلیں اور پتے نمودار ہوں گے اور نہ ہی تمہیں قرب وصل ﴿اِنَّ لَهٗ عِندَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ۔ بیشک اس کے لیے ہماری بارگاہ میں ضرور قرب اور اچھا ٹھکانا ہے (۱۶۷)﴾ کا پھل نصیب ہوگا۔ اور نہ ہی تم حد کمال تک پہنچ پاؤ گے، نہ ہی تمہارے دل کی بلبلیں محبت وانس کے نغمے الاپیں گی اور نہ ہی تمہاری امنگوں کی قمریاں اپنے بال و پر سے سوئے منزل ﴿اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ۔ میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں اب وہ مجھے راہ دکھائے گا (۱۶۸)﴾ پرواز کرتے ہوئے اپنی محدودیت ﴿اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ۔ کیا آدمی کو مل جائے گا جو کچھ وہ تمنا کرے (۱۶۹)﴾ کے پنجرے سے کبھی آزادی حاصل کرسکیں

Marfat.com

گی۔ نہ ہی تو ﴿وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ۔ اور اے سننے والے اپنی آنکھیں نہ پھیلا اس کی طرف جو ہم نے کافروں کے جوڑوں کو برتنے کے لیے دی ہے جیتی دنیا کی تازگی کہ ہم انہیں اس کے سبب فتنہ میں ڈالیں (۱۷۰)﴾ کی فضائے لامحدود کو عبور کرسکتا ہے۔ نہ ہی تو ﴿مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ۔ سچ کی مجلس میں عظیم قدرت والے بادشاہ کی بارگاہ میں (۱۷۱)﴾ کے مقام تک رسائی پاسکتا ہے، نہ تو ﴿لَهُم مَّا يَشَاءُونَ عِندَ رَبِّهِمْ۔ ان کے لیے ہے جو وہ چاہیں اپنے رب کے پاس (۱۷۲)﴾ کے ثمرات سے بہرہ ور ہوسکتا ہے، اور نہ ہی تیرا مشام قلب ﴿وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الْمَآبِ۔ اور اللہ ہے جس کے پاس اچھا ٹھکانہ (۱۷۳)﴾ کے گلستانوں کی خوشبو سونگھ سکتا ہے، اور نہ ہی تو ﴿لَهُمْ دَارُ السَّلَٰمِ عِندَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ۔ ان کے لیے سلامتی کا گھر ہے اپنے رب کے یہاں اور وہ ان کا مولیٰ ہے ان کاموں کی وجہ سے جو وہ کرتے تھے (۱۷۴)﴾ کے گلاب کے عطر کی خوشبو کا حظ اٹھا سکتا ہے۔

(۱۶۷) ص: ۲۵
(۱۶۸) الصافات: ۹۹
(۱۶۹) النجم : ۲۴
(۱۷۰) طٰہٰ : ۱۳۱
(۱۷۱) القمر : ۵۵
(۱۷۲) الزمر : ۳۴
(۱۷۳) آل عمران : ۱۴
(۱۷۴) الانعام : ۱۲۷

Marfat.com

گیارھواں مکتوب

توحید خالص

اے عزیز! جب آفاقِ مشارق سے توحید کی صبح نور کی سفیدی دلوں پر پڑنے لگتی ہے تو بمصداق: ﴿وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۔ قسم ہے صبح کی جب وہ دم لے (۱۷۵)﴾ اور عین الیقین کے سورج ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۔ اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لیے (۱۷۶)﴾ روح کے افلاک پر ضوفگن ہوجاتے ہیں تو وجودِ بشریت کی تاریکیاں ﴿یَوْمَ تُبْلَی السَّرَآئِرُ ۔ جس دن چھپی باتوں کی جانچ ہوگی (۱۷۷)﴾ اور ﴿نُوْرُهُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ ۔ ان کا نور دوڑتا ہوگا ان کے آگے (۱۷۸)﴾ کی تابانیوں میں چھپ جاتی ہیں اور بندے پر شب و روز ﴿یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ ۔ رات لاتا ہے دن کے حصے میں (۱۷۹)﴾ کے اسرار منکشف ہوجاتے ہیں اور ﴿اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ آمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ۔ اللہ والی ہے مسلمانوں کا، انہیں اندھیروں سے نور کی طرف نکالتا ہے (۱۸۰)﴾ کے فرمان کے مطابق تمام تر سابقہ عنایات سے حجاب اٹھ جاتے ہیں۔ (ایسے میں) شیطان اپنے

Marfat.com

لاؤ لشکر کے ساتھ ان لوگوں کے خلاف جو اسے کھلا دشمن ﴿اِنَّہٗ لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۔ بیشک وہ یعنی شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے (۱۸۱)﴾ سمجھتے ہیں دشمنی کے میدان ﴿فَاتَّخِذُوْہُ عَدُوًّا ۔ پس تم بھی اسے دشمن سمجھو (۱۸۲)﴾ میں معرکہ آرائی کے لیے اتر آتا ہے اور دنیاوی لذتوں ﴿زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّھَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ ۔ لوگوں کے لیے آراستہ کی گئی ان خواہشوں کی محبت عورتوں اور بیٹوں سے (۱۸۳)﴾ کے ہلاکت خیز ہتھیاروں سے لیس فوج کی مدد سے عباد اللہ کے دلوں پر تابڑ توڑ حملے کرتا ہے، مگر اللہ کے ثابت قدم بندے صدق و اضطرار کے عالم میں جب ﴿یَضِیْقُ صَدْرِیْ وَلَا یَنْطَلِقُ لِسَانِیْ ۔ میرا سینہ تنگی کرتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی (۱۸۴)﴾ کی زبان حال سے تمام تر عجز و انکساری کے ساتھ گڑگڑاتے ہیں: ﴿وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۔ اور ہمیں معاف فرمادے اور بخش دے اور ہم پر مہر کر، تو ہمارا مولیٰ ہے، پس تو کافروں پر ہمیں مدد دے (۱۸۵)﴾۔ تب ﴿عِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ ۔ اسی کے پاس ہیں کنجیاں غیب کی (۱۸۶)﴾ کا ہاتف غیبی صدا لگاتا ہے: ﴿وَلَا تَھِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۔ اور نہ سستی کرو اور نہ غم کھاؤ اور تمہیں غالب آؤ گے (۱۸۷)﴾ اس طرح ان بندوں کو غلبہ کی بشارت دیتے ہوئے ﴿وَاِنَّ جُنْدَنَا لَھُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۔ اور بے شک ہمارا ہی لشکر غالب آئے گا (۱۸۸)﴾ کی افواج کی کمک ﴿اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۔ جب اللہ کی مدد اور فتح آئے (۱۸۹)﴾ کے پھریروں کے ساتھ مہیا کردی جاتی ہے اور وہ ﴿اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ۔ بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرمادی ہے (۱۹۰)﴾ کے ہراول دستوں ﴿اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۔ بے شک ضرور ہم اپنے رسولوں کی مدد کریں گے اور ایمان والوں کی

Marfat.com

(۱۹۱)﴾ کی خون آشام تلواروں کو ﴿نَرۡفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنۡ نَّشَآءُ ۔ ہم جس کے چاہیں
درجات بلند کریں (۱۹۲)﴾ کی نیام سے نکال کر دشمن پر حملہ آور ہوجاتے ہیں اور
﴿فَهَزَمُوۡهُمۡ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ۔ توانہوں نے ان کو بھگا دیا (۱۹۳)﴾ اور پھر فتح و نصرت
﴿نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتۡحٌ قَرِيۡبٌ ۔ اللہ کی مدد اور جلد آنے والی فتح (۱۹۴)﴾ کی خبروں
کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ اس وقت یہ منادی کردی جاتی ہے:
﴿قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الۡمُلۡكِ تُؤۡتِى الۡمُلۡكَ مَنۡ تَشَآءُ وَ تَنۡزِعُ الۡمُلۡكَ مِمَّنۡ
تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ بِيَدِكَ الۡخَيۡرُ ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۔ یوں عرض کر: اے اللہ ملک کے مالک تو جسے چاہے سلطنت دے اور جس
سے چاہے سلطنت چھین لے، اور جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے،
ساری بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے، بیشک تو سب کچھ کرسکتا ہے (۱۹۵)﴾۔

اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا

(۱۷۵) تکویر : ۱۸ — (۱۷۶) یٰس : ۳۸
(۱۷۷) الطارق : ۹ — (۱۷۸) تحریم : ۸
(۱۷۹) فاطر : ۱۳ — (۱۸۰) البقرۃ : ۲۵۷
(۱۸۱) البقرۃ : ۱۶۸، الاعراف : ۲۲ — (۱۸۲) فاطر : ۶

Marfat.com

(۱۸۳) آل عمران : ۱۴

(۱۸۴) الشعراء : ۱۲

(۱۸۵) البقرۃ : ۲۸۶

(۱۸۶) الانعام : ۵۹

(۱۸۷) آل عمران : ۱۳۹

(۱۸۸) الصّٰفّٰت: ۱۷۳

(۱۸۹) النصر : ۱

(۱۹۰) الفتح : ۱

(۱۹۱) مؤمن:۵۱

(۱۹۲) یوسف : ۷۶

(۱۹۳) البقرۃ :۲۵۱

(۱۹۴) صف :۱۳

(۱۹۵) آل عمران : ۲۶

Marfat.com

بارھواں مکتوب

دنیاوی زینت وزیبائش کے دام فریب سے اجتناب

اے عزیز! اس دنیاوی زینت وزیبائش ﴿اَلْمَالُ وَالْبَنُونَ زِینَةُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۔ مال اور بیٹے یہ جیتی دنیا کا سنگار ہیں (۱۹۶)﴾ کے دام فریب سے باہر رہنا اور ﴿شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا ۔ ہمارے مال اور گھر والوں نے ہمیں مشغول رکھا (۱۹۷)﴾ حصول مال وزر کے مشغلوں اور دلچسپیوں میں الجھ کر نہ رہ جانا۔ ہمت مردانہ سے کام لے کر ان لوگوں کی صحبت کے چنگل سے اپنے آپ کو بچائے رکھنا جو ﴿نَسُوااللّٰہ فَنَسِیَھُمْ ۔ وہ اللہ کو بھول بیٹھے اور اللہ نے انہیں بھلا دیا (۱۹۸)﴾ یاد الٰہی سے غفلت کے دشت بے پایاں میں شتر بے مہار کی طرح سب سے آگے نکل جاتے ہیں۔ میدان عشق میں طلب وآرزومندی کے راستے پر ہمیشہ گامزن رہنا اور اپنے گھوڑے کو اللہ تعالی سے استعانت اور مدد کے ﴿اَسْتَعِیْنُوْا بِااللّٰہِ ۔ اللہ کی مدد چاہو (۱۹۹)﴾ چابک سے قابو میں رکھنا اور ﴿اَلسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ، اُوْلٰٓئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۔ جو سبقت لے گئے وہ تو سبقت ہی لے گئے (۲۰۰)﴾ کے کوچے میں جہاں ﴿اُوْلٰئِکَ عَلٰی ھُدًی مِّنْ رَّبِّھِمْ

Marfat.com

وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔ وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی مراد کو پہنچنے والے (۲۰۱)﴾ بستے ہیں رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرنا، شاید کہ قاصد ﴿وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ آمَنُوْا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۔ اور ایمان والوں کو خوشخبری دو کہ ان کے لیے اپنے رب کے پاس سچ کا مقام ہے (۲۰۲)﴾ کا مژدہ لے کر آجائے کہ ﴿اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ بیشک اللہ آدمیوں پر بہت مہربان مہر والا ہے (۲۰۳)﴾ بیشک اللہ آدمیوں پر بہت نرمی برتنے والا اور رحم کرنے والا ہے اور وہ ﴿قَدْ جَآءَکُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّکُمْ ۔ تمہارے پاس آنکھیں کھولنے والی دلیلیں آئیں تمہارے رب کی طرف سے (۲۰۴)﴾ کا پروانہ تیرے ہاتھ میں تھما دے۔ پھر جب تمہیں سربستہ رازوں سے آگاہی ہو جائے تو تیزی سے سلامتی کے رستے ﴿هٰذَا صِرَاطُ رَبِّکَ مُسْتَقِیْمًا ۔ یہ تمہارے رب کی سیدھی راہ ہے (۲۰۵)﴾ پر اگر سر کے بل بھی چلنا پڑے تو گامزن رہنا اور عازم جنات نعیم ﴿لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۔ ان کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں (۲۰۶)﴾ رہنا۔ ﴿لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ مَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ کَرِیْمٌ ۔ ان کے لیے درجے ہیں ان کے رب کا پاس اور بخشش ہے اور عزت کی روزی (۲۰۷)﴾ والی جنات نعیم کا پتا پوچھتے رہنا یعنی اس کی تلاش میں رہنا تا آنکہ ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنٰی ۔ وہ جن کے لیے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہو چکا (۲۰۸)﴾ کا قاصد تمہیں ﴿رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ۔ اللہ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی (۲۰۹)﴾ کی مملکت میں دار السلام کے اہل ہونے کی بار بار بشارت دے اور تمہیں ﴿وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ فَسَیُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا ۔ اور جس نے پورا کیا وہ عہد جو اس نے اللہ سے کیا تھا تو بہت جلد اللہ اسے

Marfat.com

بڑا ثواب دے گا (۲۱۰)﴾ کے تخت پر متمکن ہونے کی دعوت دے۔ پھر تم جی بھر کر ﴿لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ. تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو (۲۱۱)﴾ کی بھلائیوں اور نعمتوں سے بہرہ ور ہوتے رہنا۔

(۱۹۶) الکہف :۴۶

(۱۹۷) الفتح : ۱۱

(۱۹۸) التوبۃ : ۶۷

(۱۹۹) الاعراف : ۱۲۸

(۲۰۰) واقعۃ : ۱۰ و ۱۱

(۲۰۱) البقرۃ : ۵

(۲۰۲) یونس : ۲

(۲۰۳) البقرۃ : ۱۴۳

(۲۰۴) الانعام : ۱۰۴

(۲۰۵) الانعام : ۱۲۶

(۲۰۶) البروج : ۱۱

(۲۰۷) الانفال :۴

(۲۰۸) الانبیاء : ۱۰۱

(۲۰۹) البینۃ :۸

(۲۱۰) الفتح : ۱۰

(۲۱۱) آل عمران : ۹۲

Marfat.com

نور علی نور

الله نور السموات والارض مثل نوره كمشكاة فيها مصباح

Marfat.com

تیرھواں مکتوب

اسرار و رموز آیت نور

اے عزیز! جب اللہ - جو کہ نور ارض وسماء ﴿اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا (۲۱۲)﴾ ہے۔ کے انوار کی تابانیاں باطن کے فانوس پر جلوہ گر ہو کر دل یعنی باطن کی قندیل کو تجلیات کے چراغ ﴿فِیْ زُجَاجَةٍ، اَلزُّجَاجَةُ کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ ۔ وہ چراغ ایک فانوس میں ہے، وہ فانوس گویا ایک ستارہ ہے موتی سا (۲۱۳)﴾ کی روشنیوں سے جگمگا دیتی ہیں، اور ﴿یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَکَةٍ ۔ چمکتا روشن ہوتا ہے برکت والے پیڑ زیتون سے (۲۱۴)﴾ کے عشق بلا حدود و بلا سمت ﴿لَاشَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَــــرْبِیَّةٍ ۔ جو نہ شرق کا نہ غرب کا (۲۱۵)﴾ کی بجلیاں بادلوں کی گھٹاؤں کے دھندلکوں سے کوندنے لگتی ہیں اور ﴿یَکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْٓءُ قریب ہے کہ اس کا تیل بھڑک اٹھے (۲۱۶)﴾ کی شمعیں روشن ہو جاتی ہیں اور حکمتوں کے ستارے ﴿وَبِالنَّجْمِ ھُمْ یَھْتَدُوْنَ ۔ اور ستاروں سے وہ راہ پاتے ہیں (۲۱۷)﴾ اور ﴿اَنَّا زَیَّنَّـــا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ اِلْکَوَاکِبِ ۔ بے شک ہم نے نیچے کے آسمانوں کو

Marfat.com

تاروں کی سنگار سے آراستہ کیا (۲۱۸) ﴾ کے کواکب باطن کے آسمانوں کو مزین کر دیتے ہیں اور ﴿ نُوْرٌ عَلٰی نُوْر ۔ نور پر نور ہے (۲۱۹) ﴾ کے افق سے حضوری اور قرب کے چاند طلوع ہوجاتے ہیں جو بلندیوں (استعلاء) کے برجوں ﴿ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ ۔ اور چاند کے لیے ہم نے منزلیں مقرر کیں (۲۲۰) ﴾ کو منزل بمنزل طے کرتے ہوئے ﴿ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۔ اور رات کی قسم جب چھائے (۲۲۱) ﴾ کی شب غفلت کو ﴿ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۔ اور دن کی قسم جب وہ روشن ہو (۲۲۲) ﴾ کے روز روشن میں بدل دیتے ہیں، اور ذکر و استغفار: ﴿ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ۔ اور پچھلے پہر میں معافی مانگنے والے (۲۲۳) ﴾ کی بادصبا کے عنبریں جھونکے ہر طرف چلنے لگتے ہیں اور صبح صادق کی سحر خیز بلبلیں ﴿ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۔ وہ رات میں کم سویا کرتے ہیں (۲۲۴) ﴾ ندامتوں اور استغفار کے دلگیر نالوں کے ساتھ ملک ہدایت ﴿ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۔ اللہ اپنے نور کی راہ بتاتا ہے جسے چاہتا ہے۔ (۲۲۵) ﴾ کی جانب روانہ ہوتی ہیں اور افق باطن ﴿ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَد ۔ اور جسے اللہ راہ دے وہی راہ پر ہے (۲۲۶) ﴾ پر رشد و ہدایت کے حکمت و معرفت کے سورج طلوع ہوجاتے ہیں، اور ﴿ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِىْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ وَكُلٌّ فِىْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۔ سورج کو نہیں پہنچتا کہ چاند کو پکڑ لے اور نہ رات دن پر سبقت لے جائے اور ہر ایک ایک گھیرے میں تیر رہا ہے (۲۲۷) ﴾ کے انوار ظاہر ہوجاتے ہیں اور پردہ غیب سے سربستہ رموز و اسرار منکشف ہوجاتے ہیں۔

﴿ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۔ اور اللہ مثالیں بیان فرماتا ہے لوگوں کے لیے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے (۲۲۸) ﴾ اللہ تو

Marfat.com

لوگوں کے لئے ضرب الامثال یعنی کنایوں سے ہی باتیں بیان کرتا ہے اور وہی ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

(۲۱۲) النور : ۳۵
(۲۱۳) النور : ۳۵
(۲۱۴) النور: ۳۵
(۲۱۵) النور:۳۵
(۲۱۶) النور : ۳۵
(۲۱۷) النحل : ۱۶
(۲۱۸) صافات: ۶
(۲۱۹) النور : ۳۵
(۲۲۰) یٰس : ۳۹
(۲۲۱) الّیل : ۱
(۲۲۲) الّیل : ۲
(۲۲۳) آل عمران: ۱۷
(۲۲۴) الذّٰریٰت: ۱۷
(۲۲۵) النور : ۳۵
(۲۲۶) بنی اسرائیل : ۹۷
(۲۲۷) یٰسٓ : ۴۰
(۲۲۸) النور : ۳۵

Marfat.com

اليوم أكملت لكم دينكم وأتممت عليكم نعمتي ورضيت لكم الإسلام دينا

لطيف بعباده
الله

Marfat.com

چودھواں مکتوب

اکتمال نعمت اور اس کے ثمرات

اے عزیز! جب آسمان معرفت کے سورج برج کمال کی منزل ﴿اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ ۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا (۲۲۹)﴾ پر پہنچ جاتے ہیں اور محبت و شوق کی طشتری مدارج کی رفعتوں ﴿وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ ۔ اور تم پر اپنی نعمت پوری کردی (۲۳۰)﴾ پر پہنچ جاتی ہے تو انوار و تجلیات ﴿وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ۔ اور تمہارے لیے اسلام کو دین پسند کیا (۲۳۱)﴾ کی بجلیاں چمکنے لگتی ہیں اور یقین کی آنکھ ﴿اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۔ تو کیا وہ جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے (۲۳۲)﴾ کی نشانیوں کو دیکھتی ہے اور ﴿لَقَدْ جَآءَکَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ ۔ بیشک تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے حق آیا (۲۳۳)﴾ کی عظیم حقیقتوں کا مشاہدہ کرتی ہے۔ پھر اسے ﴿لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ اور اللہ ہی کی ملک ہیں تمام لشکر آسمانوں اور زمین کے (۲۳۴)﴾ کے سربستہ اسرار و رموز سے آگاہی حاصل

Marfat.com

ہوجاتی ہے۔ بندے پر ﴿وَفِی الْاَرْضِ آیٰتٌ لِّلْمُوْقِنِیْنَ. وَفِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ. اورزمین میں نشانیاں ہیں یقین والوں کو، اور خود تم میں، تو کیا تمہیں سوجھتا نہیں (۲۳۵)﴾ کے دقیق حقائق منکشف ہوجاتے ہیں اور وہ ﴿فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ. پس تم جدھر منہ کرو ادھر وجہ اللہ (خدا کی رحمت) تمہاری طرف متوجہ ہے (۲۳۶)﴾ کے حقائق و اشارات کا رازداں ہوجاتا ہے، اور ﴿وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ. اور ہم نے ہوائیں بھیجیں بادلوں کو بارور کرنے والیاں (۲۳۷)﴾ کے فیضان کی بادصبا کے جھونکوں سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ تب ﴿نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ ۔ ہم اپنی رحمتیں جسے چاہیں پہنچائیں (۲۳۸)﴾ کا فضل و کرم ﴿اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ ۔ اللہ اپنے بندوں پر لطف فرماتا ہے (۲۳۹)﴾ کے بحر بیکراں سے ﴿اِنَّا لَا نُضِیْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا. ہم ان کے اجر ضائع نہیں کرتے جن کے اعمال اچھے ہیں (۲۴۰)﴾ نیک عمل کرنے والوں کے گلشن میں بہار لے کر آتا ہے اور ان کے نخل مراد پر شہود (مشاہدات حق) کی کونپلیں اور پتے نکلنے لگتے ہیں اور ﴿اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۔ بے شک اللہ ان کے ساتھ ہے جو ڈرتے ہیں اور جو نیکیاں کرتے ہیں (۲۴۱)﴾ کے باغیچوں کے اشجار حد کمال تک تجلیات کے پھلوں سے لد جاتے ہیں اور اللہ کے فضل و کرم ﴿ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ. یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے (۲۴۲)﴾ سے تقرب و وصل کے چشمے ﴿وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ. اور اللہ بڑے فضل والا ہے (۲۴۳)﴾ کی چٹانوں کے منبعوں سے پھوٹ کر بندے کے دل کی جانب بہنے لگ جاتے ہیں؛ تب خلق خدا کی زبانوں کے ذریعے ہاتف غیبی کی ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا. بیشک وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے عنقریب ان کے

Marfat.com

لیے رحمان محبت کردے گا (۲۴۴)﴾ کی صدائیں گونجنے لگتی ہیں۔ بشارت دینے پر مامور ہاتف غیبی یہ خوشخبری سناتا ہے: ﴿یٰعِبَادِ لَاخَوْفٌ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ وَلَآاَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ . اے میرے بندو آج نہ تم پر خوف نہ تم کو غم ہو (۲۴۵)﴾۔ پھر ﴿بَلْدَةٌ طَیِّبَةٌ وَ رَبٌّ غَفُوْرٌ . پاکیزہ شہر اور بخشنے والا رب (۲۴۶)﴾ کے رضوان کرام ﴿سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ . ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا (۲۴۷)﴾ کے تحائف تھامے ان کا استقبال کرتے ہیں اور ﴿رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ . اللہ ان سے راضی ہوا (۲۴۸)﴾ کے خوان ان کے لئے بچھا کر ان سے کہتے ہیں: ﴿وَلَکُمْ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْٓ اَنْفُسُکُمْ وَلَکُمْ فِیْهَا مَا تَدَّعُوْنَ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ الرَّحِیْمٍ . اور تمہارے لیے ہے اس میں جو تمہارا جی چاہے اور تمہارے لیے اس میں جو مانگو۔ مہمانی بخشنے والے مہربان کی طرف سے (۲۴۹)﴾۔

(۲۲۹) المائدۃ : ۳   (۲۳۰) المائدۃ: ۳

(۲۳۱) المائدۃ: ۳   (۲۳۲) الزمر : ۲۲

(۲۳۳) یونس : ۹۴   (۲۳۴) الفتح : ۴

(۲۳۵) الذٰریٰت : ۲۰ و ۲۱   (۲۳۶) البقرۃ : ۱۱۵

(۲۳۷) الحجر : ۲۲   (۲۳۸) الکہف : ۵۶

(۲۳۹) الشوریٰ : ۱۹   (۲۴۰) الکہف : ۳۰

(۲۴۱) النحل : ۱۲۸   (۲۴۲) المآئدۃ : ۵۴

(۲۴۳) آل عمران : ۷۴   (۲۴۴) مریم : ۹۴

(۲۴۵) الزخرف : ۶۸   (۲۴۶) سبا : ۱۵

(۲۴۷) یٰس : ۵۸   (۲۴۸) المآئدۃ : ۱۹۹

(۲۴۹) حم السجدۃ : ۳۱ و ۳۲

Marfat.com

وإذا سألك عبادي عني فإني قريب

فاعتبروا يا أولي الأبصار

وما خلقت الجن والإنس إلا ليعبدون

سنريهم آياتنا في الآفاق

Marfat.com

پندرھواں مکتوب

قلب سلیم

اے عزیز! لازم ہے کہ تیرا قلب سلیم ہو جو ﴿فَاعْتَبِرُوْا یٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ ۔ پس عبرت پکڑو اے نگاہ والو (۲۵۰)﴾ کے اشارے سمجھ لے اور تیرا فہم تام اور پختہ ہو جو ﴿سَنُرِیْھِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ ۔ ہم انہیں دکھائیں گے اپنی آیتیں دنیا بھر میں اور خود ان کے آپے میں (۲۵۱)﴾ کے اسرار و رموز اور لطیف اشارات کو سمجھ سکے اور تیری نگاہ صادق ہو جو دل کی آنکھ سے ﴿وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَھُوْنَ تَسْبِیْحَھُمْ اور کوئی چیز نہیں جو اسے سراہتی ہوئی اس کی پاکی نہ بولے، ہاں مگر تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے (۲۵۲)﴾ کے شواہد معرفت کا نظارہ کر سکے اور قلب صمیم سے مقام وصل و قرب کی یہ صدائیں سن سکے: ﴿وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ، اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۔ اور اے محبوب جب تم سے میرے بندے مجھے پوچھیں تو میں نزدیک ہوں، دعا قبول کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے (۲۵۳)﴾۔ تیرے دل کو تجھے ﴿وَ یُلْھِھِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ

Marfat.com

يَعۡلَمُوۡنَ ۔ اور امید انہیں کھیل میں ڈالے رکھی، پس وہ جان جائیں گے (۲۵۴)﴾ کی بے جا امیدوں کی خواب غفلت سے بیدار کرنا چاہیے۔ اور تمہیں ﴿اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰکُمۡ عَبَثًا ۔ تو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تمہیں بیکار بنایا (۲۵۵)﴾ کی جرس انتباہ کی صدا پر کان دھرنے ہوں گے اور عروۃ الوثقی کو مظبوطی سے پکڑنا ہوگا کیونکہ ﴿وَمَا لَکُمۡ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ مِنۡ وَّلِیٍّ وَّلَانَصِیۡرٍ ۔ اور اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی حمائتی اور نہ مددگار (۲۵۶)﴾ اور دور کر تمہیں ﴿وَمَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ اِلَّالِیَعۡبُدُوۡنِ ۔ اور میں نے جن اور آدمی اس لیے بنائے کہ میری بندگی کریں (۲۵۷)﴾ کے بحر بیکراں میں ﴿فَفِرُّوۡٓا اِلَی اللّٰہِ ۔ تو اللہ کی طرف بھاگو (۲۵۸)﴾ کے سفینہ نجات میں سوار ہو کر عبادت کے سمندر میں غواصی کرتے رہنا ہوگا۔ پس اگر گوہر مقصود تیرے ہاتھ لگ جائے تو یقیناً تو نے بہت بڑی کامیابی ﴿فَقَدۡ فَازَ فَوۡزًا عَظِیۡمًا ۔ پس اس نے بڑی کامیابی پائی (۲۵۹)﴾ حاصل کر لی لیکن اگر اس جستجو میں تیری جان بھی تلف ہو جائے تو بھی تو ناکام نہیں ٹھرے گا کیونکہ:

﴿فَقَدۡ وَقَعَ اَجۡرُہٗ عَلَی اللّٰہِ ۔ پس اس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہوگیا (۲۶۰)﴾۔

(۲۵۰) الحشر : ۲   (۲۵۱) حم السجدۃ : ۵۳

(۲۵۲) بنی اسرآئیل : ۴۴   (۲۵۳) البقرۃ : ۱۸۶

(۲۵۴) الحجر : ۳   (۲۵۵) المؤمنون : ۱۱۵

(۲۵۶) البقرۃ : ۱۰۷   (۲۵۷) الذاریات : ۵۶

(۲۵۸) الذاریات : ۵۰   (۲۵۹) الاحزاب : ۷۰

(۲۶۰) النسآء : ۱۰۰

Marfat.com

سولھواں مکتوب

ذکر الٰہی اور توبہ کی پابندی

اے عزیز جب (خدائے لم یزل کی) عنایت ازلی کے فضل وکرم کی باد صبا چلنے لگتی ہے تو طلب وجستجو کے خیابانوں میں خوشی وانبساط کے پیڑ جھوم اٹھتے ہیں اور عزم وہمت کی شاخوں سے یاس وغم کے پتے یکا یک جھڑ جاتے ہیں۔ جذب وشوق کی قمریاں سنجیدہ سروں میں (سالک کی) توجہ اس فرمان الٰہی ﴿اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ آمَنُوا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوبُهُم لِذِكْرِ اللّٰهِ. تو کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ اہل ایمان کے دل اللہ کی یاد میں جھک جائیں (۲۶۱)﴾ کے مصداق پشیمانی و ندامت (توبہ) کی طرف مبذول کرواتی ہیں۔ ایسے میں محبت کی بلبل زبان حال سے ﴿اَجِیبُوا دَاعِیَ اللّٰهِ۔ اللہ کے منادی کی بات پر لبیک کہو (۲۶۲)﴾ کے نغمے الاپنے لگتی ہے اور فرمان الٰہی ﴿وَمَنْ أحسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَآ اِلَي اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحاً. اور اس سے زیادہ اچھی کس کی بات ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے (۲۶۳)﴾ میں مضمر دوطرفہ محبت کے انعام واکرام ﴿یُحِبُّهُم وَیُحِبُّونَه۔ وہ ان سے محبت کرے اور وہ اس سے محبت کریں

Marfat.com

(۲۶۴)﴾ کا اعلان کرنے لگتی ہے۔ یوں جب ﴿ قدبیّنّا الآیاتِ لَعَلّکُم تعقِلُون ۔
ہم نے کھول کر نشانیاں بیان فرمادیں تاکہ تم سمجھ سکو (۲۶۵)﴾ کا ترانہ ایسے مشتاقوں تک
پہنچتا ہے جو حسب فرمان الٰہی ﴿اِنَّ فِی ذَلِک لَذِکرٰی لِمَن کَانَ لَه قَلبٌ أو ألقَی
السَمعَ وَ هُو شَهِید ۔ بے شک اس میں نصیحت ہے جو دل رکھتا ہو اور کان دھرے
اور متوجہ ہو (۲۶۶)﴾ ہمہ تن گوش ہوتے ہیں تو ان کے دل سرور و الفت سے پارہ پارہ ہو
جاتے ہیں اور وہ پکار اٹھتے ہیں ﴿سَابِقُوا اِلي مَغفِرَةٍ مِن رَّبِّكُم وَجَنَّةٍ عَرضُهَا
كَعَرضِ السَّماءِ وَالأرضِ ۔ (ایک دوسرے سے) بڑھ کر چلو اپنے رب کی بخشش
اور اس جنت کی طرف جس کی چوڑائی ایسی ہے جیسے آسمان اور زمین کا پھیلاؤ (۲۶۷)﴾
کیونکہ اللہ انہیں دارالسلام کی جانب بلاتا ہے ﴿ وَاللّٰهُ يَدعُوا اِلي دَارِالسَّلامِ ۔ اور اللہ
سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے (۲۶۸)﴾ پھر (ہر ایک سالک) وارفتگی کے عالم میں یہ
کہتے ہوئے ﴿ اِنّی ذَاهِبٌ اِلی رَبِّی سَیَهدِینِ ۔ میں تو چلا اپنے رب کی طرف، وہ
مجھے راہ دکھائے گا (۲۶۹)﴾ صراط مستقیم پر چل پڑتا ہے اور جب ﴿وَ هَذَا صِرَاطُ
رَبِّکَ مُستَقِیماً ۔ اور یہ تو تیرے رب کا سیدھا راستہ ہے (۲۷۰)﴾ کی منازل پر پہنچتا
ہے اور ﴿ اِنَّ اِلی رَبِّنَامُنقَلِبُون ۔ ہم اپنے رب کی طرف پھرنے والے ہیں (۲۷۱)﴾
کے باغ کے پھلدار درختوں کے میووں ﴿اِنَّ هَذَا لَرِزقُنَا مَا لَه مِن نَفَاد ۔ بے شک
یہ ہمارا رزق ہے کہ کبھی ختم نہ ہوگا (۲۷۲)﴾ سے لطف اندوز ہوتا ہے اور ﴿اَلَم يَعلَم اِنَّ
اللّٰهَ يَري ۔ کیا نہ جانا کہ اللہ دیکھ رہا ہے؟ (۲۷۳)﴾ والے حضوری کے اسرار کے ٹھنڈے
میٹھے مشروب کے حوض سے ﴿مَنِ اهتَدیٰ فَاِنَّمَا یَهتَدِی لِنَفسِه ۔ جو راہ پر آیا وہ اپنے
ہی بھلے کو راہ پر آیا (۲۷۴)﴾ کے ہاتھوں کے ساتھ جام الفت پیتا ہے اور ﴿وَهُوَ مَعَكُم

Marfat.com

اَینَ مَا کُنتُم وَاللّٰہُ بِمَا تَعمَلُونَ بَصِیرٌ ۔ اور وہ تمہارے ساتھ ہے تم کہیں بھی ہو اور اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے (۲۷۵) ﴾ میں مضمر لطف و کرم اور جلووں کے جھونکے اس کے رگ و پے میں سرایت کر جاتے ہیں اور پھر حضوری اور شہود کی بجلیاں ﴿ وَنَحنُ أقرَبُ اِلَیہِ مِن حَبلِ الوَرِید ۔ ہم اس کی رگ جاں سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں (۲۷۶) ﴾ کوندنے لگتی ہیں اور روح کے پرندے (طائر لاہوتی) نظیر اور اشباہ (عالم مثال) کے پنجروں یعنی عالم ناسوت کی حدود و قیود سے آزاد ہو کر عالم قدس کی فضاؤں میں عشق کے بال و پر لگا کر محو پرواز ہو جاتے ہیں۔ جب کبھی اسے اپنے پرانے آشیانے کی یاد آتی ہے تو وہ اسے یکسر نظر انداز کر دیتا ہے اور کہتا ہے ﴿ اِنّی وَجَّھتُ وَجھِیَ لِلَّذِی فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالاَرض ۔ میں نے اپنا منہ اس کی طرف کیا جس نے آسمان اور زمین بنائے (۲۷۷) ﴾ اور پھر جولان گاہ صدق ﴿ ھٰذا یَومَ یَنفَعُ الصّٰدِقِینَ صِدقُھُم ۔ یہ ہے وہ دن جس میں سچوں کو ان کا سچ کام آئے گا (۲۷۸) ﴾ کی جستجو میں ﴿ اُولٰئِکَ الَّذِینَ ھَدَی اللّٰہُ فَبِھُدٰھُمُ اقتَدِہ ۔ یہ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت کی تو تم انہیں کی راہ چلو (۲۷۹) ﴾ کے میدان میں اتر پڑتا ہے۔ جب ﴿ فَاَینَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجہُ اللّٰہ ۔ تو تم جدھر منہ کرو ادھر وجہ اللہ ہے (اللہ کی رحمت تمہاری طرف متوجہ ہے) (۲۸۰) ﴾ کے گلستان کے اسرار و رموز سے آگاہ ہوتا ہے تو ﴿ فِی مَقعَدِ صِدقٍ عِندَ مَلِیکٍ مُّقتَدِر ۔ سچ کی مجلس میں عظیم قدرت والے شہنشاہ کے حضور (۲۸۱) ﴾ کے حریم ناز میں احساس کم مائیگی اور کم عملی کے ساتھ ﴿ وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدرِہ ۔ اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ جانی جیسی چاہیے تھی (۲۸۲) ﴾ کے سمندر کی طغیانیوں سے اس کا واسطہ پڑتا ہے جہاں عالم تحیر میں ﴿ فَاستَقِم کَمَا اُمِرتَ وَمَن تَابَ مَعَکَ وَلَا تَطغَوا ۔ تو قائم رہو جیسا تمہیں

Marfat.com

حکم ہے اور اے لوگو سرکشی نہ کرو (۲۸۳)﴾ کے احکام کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے حالت اضطراری میں سالک کہہ اٹھتا ہے:﴿ لا اِلٰـهَ اِلَّا انتَ سُبحٰنَکَ اِنِّی کُنتُ مِنَ الظّٰـلِمِین ۔ کوئی معبود نہیں سوا تیرے، پاکی ہے تجھ کو، بے شک مجھ سے بے جا ہوا (۲۸۴)﴾۔ ایسے میں ﴿وَرَبُّکَ الغَفُورُ ذُو الرَّحمَۃِ ۔ اور تمہارا رب بخشنے والا رحمت والا ہے (۲۸۵)﴾ کا ہاتف غیبی ﴿وَاعتَصِمُوا بِاللّٰہِ هُوَ مَولٰکُم فَنِعمَ المَولٰی وَ نِعمَ النَّصِیرُ ۔ اور اللہ کی رسی مضبوط تھام لو، وہ تمہارا مولیٰ ہے اور کیا ہی اچھا مددگار ہے (۲۸۶)﴾ کی منادی کے ساتھ یہ مژدہ جاں فزا سناتا ہے:﴿هُوَ الَّذِی یُسَیِّرُکُم فِی البَرِّ وَالبَحرِ ۔ اور وہی ہے جو تمہیں خشکی اور تری میں چلاتا ہے (۲۸۷)﴾ اور لطف و کرم کے ساحل ﴿ اِنَّ اللّٰـهَ لَذُو فَضلٍ عَلَی النَّاسِ وَلٰکِنَّ أکثَرَ النَّاسِ لَا یَشکُرُونَ ۔ بے شک اللہ لوگوں پر فضل والا ہے لیکن بہت آدمی شکر نہیں کرتے (۲۸۸)﴾ پر پہنچا دیتا ہے جہاں دارالسلام کے رضوان ﴿ وَاللّٰهُ عِندَہ حُسنُ المابِ ۔ اور اللہ ہے جس کے پاس اچھا ٹھکانا ہے (۲۸۹)﴾ کے استقبالیہ کلمات ﴿سَلامٌ عَلَیکُم بِمَا صَبَرتُم ۔ سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ (۲۹۰)﴾ سے اسے خوش آمدید کہتے ہوئے یہ کہتا ہے ﴿ذٰلِکَ هُدَی اللّٰهِ یهدِی بِه مَن یَّشَاءُ وَمَن یُضلِلِ اللّٰهُ فَمَالَه مِن هَاد ۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے، راہ دکھائے اس سے جسے چاہے اور جسے اللہ گمراہ کردے اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں (۲۹۱)﴾

(نوٹ: اس مکتوب مبارک اور پہلے مکتوب مبارک کے مضمون میں بہت مماثلت نظر آتی ہے۔ ایک ہی مضمون کو دو مکتوبات میں مختلف اسناد سے بیان کرنا سیدی و مرشدی جناب

Marfat.com

غوث الثقلین کے علمی تبحر کا منہ بولتا ثبوت ہے)

(۲۶۱) الحدید : ۱۶ (۲۶۲) الاحقاف : ۳۱

(۲۶۳) حم السجدۃ : ۳۳ (۲۶۴) المائدۃ : ۵۴

(۲۶۵) الحدید : ۱۷ (۲۶۶) قٓ : ۳۷

(۲۶۷) الحدید : ۲۱ (۲۶۸) یونس : ۲۵

(۲۶۹) الصّٰفّٰت : ۹۹ (۲۷۰) الانعام : ۱۲۶

(۲۷۱) الاعراف: ۱۲۵ (۲۷۲) صٓ : ۲۵

(۲۷۳) العلق : ۱۴ (۲۷۴) بنی اسرآئیل : ۱۷

(۲۷۵) الحدید : ۴ (۲۷۶) قٓ : ۱۶

(۲۷۷) الانعام : ۷۹ (۲۷۸) المائدۃ : ۱۹۹

(۲۷۹) الانعام : ۹۰ (۲۸۰) البقرۃ : ۱۵۵

(۲۸۱) القمر : ۵۵ (۲۸۲) الانعام : ۱۹

(۲۸۳) هود : ۱۱۲ (۲۸۴) الانبیاء : ۸۷

(۲۸۵) الکهف : ۵۸ (۲۸۶) الحج : ۷۸

(۲۸۷) یونس : ۲۲ (۲۸۸) مؤمن : ۶۱

(۲۸۹) آل عمران : ۱۴ (۲۹۰) الرعد : ۲۴

(۲۹۱) الزمر : ۲۳

Marfat.com

ستر ھواں مکتوب

دعوت فکر و نظر

اے عزیز کب تک تو افلاک کے نگار خانہ عجائب وغرائب ﴿ اَفَلَم يَنظُرُوا اِلَي السَّمَاءِ فَوقَهُم كَيفَ بَنَينٰهَا . تو کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان کو نہ دیکھا کہ ہم نے اسے کیسا بنایا (۲۹۲) ﴾ میں گم رہے گا؟ اس کی نیرنگیوں سے عبرت حاصل کر جو کہ ﴿ وَ زَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِن فُرُوجٍ ۔ اور اسے سنوارا اور اس میں کہیں رخنہ نہیں (۲۹۳) ﴾ کے لطائف کے لائحہ عمل کے طور پر مرقوم ہیں؛ تمہیں چاہئے کہ ان قوانین کا بصیرت کی نگاہوں سے مطالعہ کرو اور خیابان غرایب ﴿ وَالأَرضَ مَدَدنٰهَا ۔ اور زمین کو ہم نے پھیلایا (۲۹۴) ﴾ پر غور و فکر کرو اور ﴿ وَ اَلقَينَا فِيهَا رَوَاسِيَ ۔ اور اس میں لنگر ڈالے (۲۹۵) ﴾ میں پنہاں نشانیوں کو عبرت کی نگاہوں سے دیکھو۔ اور ﴿ وَأَنبَتنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوجٍ بَهِيجٍ ۔ اور اس میں ہر جگہ بارونق جوڑا اگایا (۲۹۶) ﴾ کے پیڑوں کی ثمر بار شاخوں ﴿ تَبصِرَةً وَذِكرٰى لِكُلِّ عَبدٍ مُنِيبٍ ۔ سوجھ اور سمجھ ہر رجوع والے بندے کے لئے (۲۹۷) ﴾ کے پھل سے بہرہ مند ہو اور پھر ﴿ وَنَزَّلنَا مِنَ السَّمَاءِ مَآءً مُبَارَكًا ۔ اور ہم نے

مکتوبات غوثیہ

Marfat.com

آسمان سے برکت والا پانی اتارا (۲۹۸)﴾ کے گہرے سمندر کے سرچشمہ آب حیات سے مبارک مشروب طلب کر اور عشق و محبت کے ہاتھوں سے اس ساغر حیات آفریں کو تھام کر نوش کرتا کہ تیرے دل کی وادیوں میں تیرے اعمال کی خشک کھیتی سیراب ہو کر ﴿فَاَنبَتنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَحَبَّ الحَصِيدِ ۔تو اس سے باغ اگائے اور اناج کہ کاٹا جاتا ہے (۲۹۹)﴾ سرسبز و شاداب ہو جائے اور تیرا نخلستان مقصود مراد کی شاخوں سے ﴿وَالنَّخلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلعٌ نَّضِيدٌ رِزقًا لِّلعِبَادِ ۔اور کھجور کے لمبے درخت جن کا پکا گابھا بندوں کی روزی کے لیے ہے (۳۰۰)﴾ بارآور ہو جائے اور پردہ غیب سے ﴿وَاَحيَينَا بِهٖ بَلدَةً مَّيتًا ۔ اور ہم نے اس سے مردہ شہر کو زندہ کر دیا (۳۰۱)﴾ کے اسرار و رموز تم پر ظاہر ہونے لگ جائیں۔

(۲۹۲) ق : ۶ — (۲۹۳) ایضا

(۲۹۴) ق : ۷ — (۲۹۵) ایضا

(۲۹۶) ایضا — (۲۹۷) ق : ۸

(۲۹۸ ق : ۹ — (۲۹۹) ایضا

(۳۰۰) ق : ۱۰ — (۳۰۱) ق : ۱۱

Marfat.com

رسائل الغوث الجيلانى

المؤلف: الغوث المتصرف الصمدانى سيدى

عبدالقادر الجيلانى قدس الله سره

المترجم: سليمان رأفت باشا والى بروسية

فى حكومة الدولة العثمانية

اعاد اصداره من بطون المخبئات: انس مصطفى غازى

الاهداء

الى روح الغوث الاعظم سيدى

عبدالقادر الجيلانى قدس الله سره

Marfat.com

المكتوب الاول

أيها العزيز اذا أومضت بروق الشهود من غمام فيض يَهْدِى اللّٰهُ لِنُورِهِ مَنْ
يَشَاءُ وهبت روايح الوصال من مهب عناية يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ تزهر
رياض رياحين الأنس فى رياض القلوب و تترنم بلابل الشوق فى بساتين
نغمات يَا أَسَفَى عَلَى يُوسُفَ و تشتعل نيران الاشتياق فى كوانين السراير
وتكل اجنحة اطيار الافكار فى فضاء العظمة من غاية الطيران و تضل عن
الطريق فحول القول فى بوادى المعرفة و تزلزل قواعد اركان الافهام من
صدمة الهيبة و تجرى سفن العزائم فى لجج بحار مَاقَدَرُوااللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ
برياح وَهِىَ تَجْرِى بِهِمْ فِى مَوْجٍ كَالْجِبَالِ و عند تلاطم امواج بحر عشق
يُحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّونَهُ ينادى كل واحد بلسان الحال رَبِّ أَنْزِلْنِى مُنْزَلاً مُبارَكًا
وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ فتدركهم سابقة عنايه اِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا
الْحُسْنَى و تنزل بهم على ساحل جودى مَقْعَدِ صِدْقٍ و توصلهم الى
